www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور نہایہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | جمعرات/17 ستمبر 2026ء بمطابق 04 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 50 | قیمت 10 روپے

مکہ پر ڈرون حملے کی کوشش ناقابل معافی، حرمین کے تحفظ کیلئے دی گئی سعودیہ کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

ہمارا خطہ پہلے ہی تنازعات کی بہت بھاری قیمت ادا کر چکا ہے، پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے

تمام فریقین سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ اور مزید کشیدگی کے دہانے سے پیچھے ہٹنے کی اپیل کرتا ہوں، وزیراعظم شہباز شریف کا سوشل میڈیا پر بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ المکرمہ پر ڈرون حملے کی گھناؤنی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت اور اسے ناقابل معافی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مسجد حرام، مکہ المکرمہ کے مقدس مقام پر ہونے والے یہ بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ پاکستان کے عوام اس اشتعال انگیز اور انتہاپسندانہ اقدام پر دکھی اور شدید تشویش میں مبتلا ہیں، اس ناقابل مذمت اور ناقابل معافی کارروائی کے پیچھے جو بھی ہو، اسے بیان کرنے کے لیے الفاظ ناکافی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم سعودی مسلح افواج کی غیر معمولی مستعدی، شجاعت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اس خطرے کا مقابلہ کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں ایک بار پھر تمام فریقین سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے اور مزید کشیدگی کے دہانے سے پیچھے ہٹنے کی اپیل کرتا ہوں، ہمارا خطہ پہلے ہی تنازعات کی بہت بھاری قیمت ادا کر چکا ہے، پائیدار امن کے حصول کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے۔ انہوں نے لکھا کہ پاکستان برادر اسلامی ملک ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 30

مکہ معاہدہ ایک فریق پر حملہ ہوا تو تینوں ممالک مشترکہ فیصلہ کرینگے

ڈی جی ISPR

پاکستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل بھروسا ہے، ملک نہ صرف اپنا موثر دفاع کرنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ جارحیت کی صورت میں جواب دینے اور سزا دینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر کا عرب ٹی وی کو انٹرویو

بھارت اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے بڑے پیمانے پر وسائل خرچ کر رہا ہے، پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا بنیادی مقصد ملکی دفاع ہے، پاکستان اسلحے کی کسی دوڑ کا حصہ بننے کی کوشش نہیں کر رہا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (ویب ڈیسک) آئی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر بھی حملہ ہوا تو تینوں ممالک مشترکہ فیصلہ کریں گے۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ مکہ معاہدے کے تحت مشترکہ دفاع کے اصول پر عمل ہوگا، ہر ملک پر حملے کی صورت میں تینوں ممالک مشاورت سے رد عمل کا تعین کریں گے اور پھر مشترکہ فیصلہ کریں گے، انہوں نے کہا کہ بھارت اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے بڑے پیمانے پر وسائل خرچ کر رہا ہے، جبکہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا بنیادی مقصد ملکی دفاع ہے، پاکستان اسلحے کی کسی دوڑ کا حصہ بننے کی کوشش نہیں کر رہا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل بھروسا ہے، ملک نہ صرف اپنا موثر دفاع کرنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ جارحیت کی صورت میں جواب دینے اور سزا دینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر کا عرب ٹی وی کو انٹرویو میں کہنا تھا کہ بھارت اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے بڑے پیمانے پر وسائل خرچ کر رہا ہے، انہوں نے کہا ک

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر، سراج احمد — منیجنگ ایڈیٹر، کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پٹرول کی قیمت میں ریلیف اور عوام کی حقیقی مشکلات

وزیراعظم شہباز شریف نے موٹر سائیکل، رکشے، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف کا اعلان کر دیا۔ اس سلسلے میں وزیراعظم نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ موٹر سائیکل، رکشے، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے خصوصی سکیم شروع کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ 20 لٹر پٹرول پر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑی مالکان کو ماہانہ 30 لٹر پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا۔ اسلام آباد کی حدود میں ریلیف کا اطلاق آج رات سے ہوگا جبکہ پورے پاکستان بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں ریلیف کا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے ہوگا۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجرا آج سے کر دیا گیا ہے۔ ریلیف کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔

وزیراعظم نے اس ریلیف کا اعلان کر کے یقیناً ایک ایسا قدم اٹھایا ہے جسے بظاہر عوام دوست کہا جا سکتا ہے مگر اس کے ساتھ کئی سوالات جنم لیتے ہیں جن کا جواب دینا حکومت پر واجب ہے۔ سب سے پہلا اور بنیادی سوال یہ ہے کہ جس ریلیف کے حصول کے لیے نادرا، ٹیلی کام آپریٹرز اور صوبائی محکمہ ٹرانسپورٹ کی مشترکہ تصدیق درکار ہو کیا وہ واقعی اس عام آدمی تک پہنچ پائے گا جو دیہات میں رکشہ چلا کر یا موٹر سائیکل پر سبزی بیچ کر روزی کماتا ہے؟ اس ملک میں لاکھوں افراد کے پاس سمارٹ فون نہیں ہے، ڈیجیٹل خواندگی نہ ہونے کے برابر ہے اور دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ اکثر معطل رہتا ہے۔ ایسے میں شناختی کارڈ کی تصدیق، گاڑی کی ملکیت کے کاغذات اور موبائل نمبر کی تصدیق جیسے مراحل پر مبنی رجسٹریشن کا پیچیدہ نظام عام آدمی کے لیے کسی امتحان سے کم نہیں۔ نتیجہ یہ نکلے گا کہ یا تو لوگ اس پیچیدہ عمل سے گھبرا کر رجسٹریشن سے ہی کنارہ کش ہو جائیں گے یا پھر بیچ میں کمیشن خور ایجنٹ اور دلال پیدا ہو جائیں گے جو رجسٹریشن کروانے کے عوض عوام سے پیسے بٹوریں گے۔ یوں جس ریلیف کا مقصد عوام کی مشکلات کم کرنا تھا وہی ریلیف ان کے لیے ایک نئی مصیبت بن جائے گا۔

درخت ابھی زندہ ہیں

اکرم چوہدری

لاہور اور ادب کا تعلق دیکھئے اس شہر نے لفظوں کو صرف چھاپا نہیں، جیا ہے یہاں شاعروں نے خواب دیکھے، افسانہ نگاروں نے معاشرے کے پردے اٹھائے، صحافیوں نے حکومتوں سے سوال کیے، فنکاروں نے اسٹیج آباد کیے اور موسیقاروں نے ایسی دھنیں پیدا کیں جو سرحدوں سے بڑی ہو گئیں پاک ٹی ہاؤس جیسی جگہوں کی اصل اہمیت میز اور کرسی میں نہیں تھی اصل چیز گفتگو تھی کوئی شعر سنا رہا ہے کوئی افسانے پر بحث کر رہا ہے کوئی انقلاب لانے نکلا ہوا ہے اور ایک صاحب صرف چائے پی رہے ہیں مگر رائے ہر موضوع پر رکھتے ہیں

یہ بھی لاہور ہے یہاں اردو اور پنجابی ایک دوسرے سے گلے ملتی ہیں ایک ہی گفتگو میں آدمی اردو سے پنجابی اور پنجابی سے اردو میں یوں آتا جاتا ہے جیسے اپنے گھر کے ایک کمرے سے دوسرے میں جا رہا ہو اور محبت کے معاملے میں؟ اس شہر کے بارے میں جانے کتنی محبتیں لکھی گئی ہوں گی کتنی کہانیاں کالجوں کے دروازوں سے شروع ہوئیں کتنے خط کتابوں میں چھپائے گئے کتنے انتظار مال روڈ پر ہوئے کتنی ملاقاتیں باغوں میں، کتنے رشتے خاندانوں نے جوڑے، کتنی محبتیں زمانے نے توڑ دیں اور کتنی ایسی ہوں گی جن کے دو کردار آج سفید بالوں کے ساتھ کہیں بیٹھے اپنے پوتے پوتیوں کو لاہور کی کہانیاں سناتے ہوں، مگر اپنی اصل کہانی نہ سناتے ہوں۔

لاہور شاید اس لیے بھی رومانوی ہے کہ یہاں ماضی کبھی مکمل طور پر گزرتا نہیں، وہ کسی پرانی عمارت، کسی درخت، کسی گلی، کسی کالج، کسی دکان یا کسی خوشبو میں چھپا رہتا ہے آپ برسوں بعد کسی جگہ سے گزریں اور اچانک بیس سال پرانا لاہور سامنے کھڑا ہو جائے یہ شہر یادوں کے معاملے میں بڑا بے رحم ہے جو یاد دلانا چاہے، پوری شدت سے یاد دلاتا ہے مگر لاہور کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تکلیف چھپا دینا بھی محبت نہیں ہوگی

ہمارا لاہور زخمی بھی ہوا ہے درخت کٹے، باغ سکڑے، ٹریفک بڑھی، دھواں اس کی سردیوں پر چھا گیا بہت سی تاریخی عمارتیں ہماری بے حسی کا بوجھ اٹھاتی رہیں پرانی گلیوں کی تہذیب کو تجارتی ہنگامے نے جگہ جگہ پیچھے دھکیلا ہم نے ترقی ضرور کی، مگر کبھی کبھی ترقی کی جلدی میں یہ پوچھنا بھول گئے کہ کہیں ہم اپنے شہر کی روح تو پیچھے نہیں چھوڑ رہے؟ میری نظر میں لاہور سے محبت کا امتحان اب یہی ہے لہور لہور اے کہنا آسان ہے، لاہور کو لاہور رہنے دینا مشکل، اگر ہم واقعی اس شہر سے محبت کرتے ہیں تو اس کے درخت بچانے ہوں گے اس کی ہوا صاف کرنی ہوگی اس کے ورثے کو محض سیاحتی تصویر نہیں بلکہ اپنی شناخت سمجھنا ہوگا پنجابی زبان کو احساسِ کمتری سے نکال کر محبت سے بولنا ہوگا اپنی پرانی وضع داری، پڑوس داری اور مہمان نوازی کو جدید زندگی کی نذر ہونے سے بچانا ہوگا کیونکہ عمارتیں محفوظ کر کے بھی تہذیب کھوئی جا سکتی ہے۔

تہذیب انسانوں کے رویوں میں زندہ رہتی ہے میرے نزدیک لاہور کی سب سے قیمتی روایت یہی ہے کہ اس شہر میں انسان کے لیے جگہ رہی ہے نئے آنے والے کے لیے بھی، پردیسی کے لیے بھی، طالب علم کے لیے بھی، فنکار کے لیے بھی، مزدور کے لیے بھی، خواب دیکھنے والے کے لیے بھی۔ لاہور نے ہمیشہ لوگوں کو اپنے اندر سمویا اور پھر بڑی معصومیت سے انہیں لاہوری قرار دے دیا شاید اسی لیے لاہور میں پیدا ہونا ضروری نہیں، لاہور سے محبت ہو جانا کافی ہے

آج جب زندگی مہنگی ہے، خبریں خوفناک ہیں، لوگ تھکے ہوئے ہیں اور ہر شخص اپنے حصے کی کوئی نہ کوئی پریشانی اٹھائے پھر رہا ہے، مجھے لگتا ہے ہمیں اپنے شہروں سے دوبارہ محبت کرنا سیکھنا چاہیے کبھی کسی پرانے دوست کو بلاوجہ فون کریں کسی بزرگ کے پاس بیٹھ کر پرانے لاہور کی کہانی سنیں کسی شام موبائل جیب میں ڈال کر شہر کی کسی پرانی سڑک پر چلیں، گھر آئے مہمان کو جلدی رخصت کرنے کے بجائے ایک کپ چائے اور پلا دیں پڑوسی کے دروازے پر دستک دے دیں، اپنے بچوں کو صرف لاہور کی بڑی عمارتیں نہ دکھائیں، انہیں لاہور کی وضع داری بھی سکھائیں انہیں بتائیں کہ ہمارے ہاں مہمان دروازے پر آئے تو چہرہ کھل جاتا تھا دسترخوان چھوٹا ہو تو دل بڑا کیا جاتا تھا اور تعلق میں حساب کتاب نہیں رکھا جاتا تھا۔

شہر اسی طرح نسلوں تک زندہ رہتے ہیں ورنہ سڑکیں چوڑی ہوتی جاتی ہیں اور دل تنگ، عمارتیں اونچی ہوتی جاتی ہیں اور تعلق چھوٹے، لاہور کو اس انجام سے بچانا ہے کیونکہ ہمیں صرف ایک ترقی یافتہ لاہور نہیں چاہیے ہمیں دل والا لاہور بھی چاہیے وہ لاہور جو کسی اجنبی کو راستہ بتاتے ہوئے اپنا سمجھ لے، جو مہمان کے سامنے گھر کا بہترین کھانا رکھ دے، جو دکھ میں کندھا دے، خوشی میں ڈھول بجائے، محفل میں شعر سنائے، بحث میں آواز اونچی کر دے مگر جاتے ہوئے گلے بھی لگا لے اور رات گئے دوست کو رخصت کرتے ہوئے ایک بار ضرور کہے چائے ہور نہیں پینی؟

دنیا میں خوبصورت شہر بہت ہیں کسی کے پاس سمندر ہے، کسی کے پاس پہاڑ، کسی کے پاس فلک بوس عمارتیں، لاہور کے پاس بھی عمارتیں ہیں، باغ ہیں، تاریخ ہے، کھانے ہیں، مگر لاہور کی سب سے بڑی دولت شاید ان میں سے کوئی نہیں، لاہور کے پاس دل ہے اور جس شہر کے پاس دل ہو، اسے صرف دیکھا نہیں جاتا اس سے تعلق بن جاتا ہے اسی لیے مشہور بات ہے جنے لہور نئیں ویکھیا، او جمیا ای نئیں، مگر میں اس میں اپنی طرف سے ایک سطر شامل کرنا چاہوں گا لاہور دیکھ لینے سے بات مکمل نہیں ہوتی، لاہور کو سمجھنے کے لیے کسی لاہوری کے ساتھ بیٹھنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ہنسنا پڑتا ہے، اس کے دسترخوان پر کھانا پڑتا ہے اور اس شہر کی کسی پرانی گلی میں اپنی کوئی یاد چھوڑنی پڑتی ہے تب معلوم ہوتا ہے کہ لاہور آخر لاہور کیوں ہے اور تب شاید آپ بھی یہی کہیں عشق اگر انسان ہوتا تو شاید اس کا دل لاہوری ہوتا، اور عشق اگر شہر ہوتا تو لاہور ہوتا۔

دنیا میں آگ لگی ہے، ہم اپنا گھر کیسے بچائیں؟

چوہدری اکرم

دنیا کے حالات دیکھیں تو یوں لگتا ہے جیسے ہر طرف کسی نہ کسی نے ماچس کی ڈبیا اٹھا رکھی ہے کہیں میزائل چل رہے ہیں، کہیں ڈرون اڑ رہے ہیں، کہیں تیل کے جہاز راستہ بدل رہے ہیں، کہیں بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو دھمکیاں دے رہی ہیں ہر ملک اپنی طاقت دکھانے میں مصروف ہے اور عام آدمی خاموشی سے سوچ رہا ہے کہ بھائی، اس سارے جھگڑے میں میرا قصور کیا ہے؟

پاکستانی کا مسئلہ تو اور بھی سادہ ہے اسے نہ کسی سمندر پر قبضہ کرنا ہے، نہ کسی ملک کی حکومت بدلنی ہے، نہ دنیا کی قیادت سنبھالنی ہے۔ اسے صبح دفتر پہنچنا ہے، بچوں کی فیس دینی ہے، بجلی کا بل جمع کرانا ہے، موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوانا ہے اور رات کو گھر آتے ہوئے سبزی بھی خریدنی ہے لیکن دنیا کا ہر بڑا جھگڑا آخر کار اس کے دروازے پر دستک دے دیتا ہے، کبھی پٹرول کی قیمت بن کر، کبھی مہنگی بجلی بن کر، کبھی ڈالر بن کر اور کبھی آٹے، دال اور دوائی کی قیمت بن کر۔

اس لیے آج اصل سوال یہ نہیں کہ دنیا میں کون جیت رہا ہے اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان اپنے لوگوں کو کیسے بچائے؟ سب سے پہلے ہمیں یہ پرانی عادت چھوڑنی ہوگی کہ مصیبت دروازے پر پہنچے تو اجلاس بلاؤ۔ گھر چلانے والی ایک عام عورت بھی حکومت سے زیادہ منصوبہ بندی کرتی ہے۔ اسے معلوم ہو کہ اگلے مہینے آمدنی کم ہونے والی ہے تو وہ آج سے خرچ سنبھالنا شروع کر دیتی ہے شادی آگے ہو تو پیسے پہلے جمع کرتی ہے گندم سستی مل رہی ہو تو کچھ زیادہ رکھ لیتی ہے۔

ملک بھی آخر ایک بڑا گھر ہی ہوتا ہے دنیا میں تیل کی رسد خطرے میں ہو تو ہمیں اس وقت سوچنا چاہیے جب پٹرول پمپوں پر قطاریں نہیں لگی ہوتیں متبادل راستے، اضافی ذخائر اور دوست ملکوں سے پیشگی انتظام اسی وقت کام آتے ہیں جب مشکل آنے سے پہلے کیے جائیں دوسری بات یہ کہ ہر بحران کا بل عوام کو پکڑا دینا آسان ترین حل ہے تیل مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو، ڈالر مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو۔ بجلی کا خرچ بڑھا، بل بڑھا دو۔ یوں تو محلے کی دکان بھی چل سکتی ہے، ملک نہیں۔

حکومت کا اصل امتحان ہی یہ ہوتا ہے کہ باہر سے آنے والے جھٹکے کا کتنا حصہ وہ اپنی بہتر حکمتِ عملی سے برداشت کرتی ہے اور کتنا عوام تک پہنچنے دیتی ہے اور اگر قربانی ضروری ہو تو پھر قربانی بھی سب کی ہونی چاہیے یہ عجیب حساب ہے کہ مشکل وقت آئے تو موٹر سائیکل والے سے کہا جائے پٹرول بچاؤ، پنکھا چلانے والے سے کہا جائے بجلی بچاؤ، دال خریدنے والے سے کہا جائے صبر کرو لیکن سرکاری شان و شوکت ویسی ہی رہے۔

قومی قربانی کا مطلب یہ نہیں کہ غریب اپنی روٹی آدھی کر دے قومی قربانی کا مطلب ہے کہ سب سے پہلے ریاست اپنا خرچ دیکھے تیسری ضرورت سفارت کاری ہے پاکستان کی سب سے بڑی طاقت میزائل نہیں، اس کی جغرافیائی حیثیت اور اس کے تعلقات ہیں ہمارے تعلقات عرب دنیا سے بھی ہیں، ایران سے بھی، چین سے بھی، امریکہ اور مغرب سے بھی۔

ایسے وقت میں سمجھ دار ملک جنگ میں فریق بننے سے پہلے سو مرتبہ سوچتا ہے، لیکن امن میں فریق بننے کا موقع کبھی نہیں چھوڑتا ہمیں کسی کے مورچے میں کھڑے ہونے سے زیادہ میز کے درمیان بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ جنگ میں بہادری صرف گولی چلانے کا نام نہیں کبھی کبھی سب سے بڑی بہادری گولی رکوانا ہوتی ہے چوتھی اور شاید سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کو اپنی توانائی کی غلامی کم کرنا ہوگی ہم کب تک دنیا کے کسی سمندر میں کشتی رکنے پر اپنے پٹرول پمپ کی قیمت بدلتے رہیں گے؟

ہمارے پاس سورج ہے، ہوا ہے، پانی ہے، کوئلہ ہے، زراعت ہے اور کروڑوں ذہین نوجوان ہیں۔ لیکن ہم نے برسوں سے اپنی توانائی کی تقدیر دوسروں کے تیل کے کنوؤں سے باندھ رکھی ہے گھر میں سورج مفت چمک رہا ہو اور ہم روشنی کے لیے ادھار کا تیل خریدتے رہیں تو غلطی سورج کی نہیں ہوتی اور آخر میں ایک بات عوام سے بھی۔

ہم اکثر سمجھتے ہیں کہ ملک صرف حکومت چلاتی ہے ایسا نہیں ملک دکاندار بھی چلاتا ہے، استاد بھی، مزدور بھی، صنعت کار بھی، صحافی بھی اور وہ شہری بھی جو مشکل وقت میں ناجائز منافع کمانے کے بجائے دوسرے شہری کا خیال رکھتا ہے۔ بحران میں ذخیرہ اندوزی بھی ملک دشمنی کی ایک شکل ہے مصیبت میں قیمت دوگنی کر دینا کاروباری ذہانت نہیں، بے حسی ہے۔

پاکستان پہلے بھی مشکل وقت دیکھ چکا ہے

مسلمانوں کی مذہبی و ثقافتی تاریخ مٹانے کی منظم مہم

جاوید اقبال

بھارت کی میزبانی میں منعقد کیے گئے برکس اجلاس کا اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں فلسطینی مسلمانوں کی جبری بے دخلی کو مسترد کیا گیا اور مسئلہ فلسطین کے لیے دو ریاستی حل کی بات کی گئی جو کہ خوش آئند ہے لیکن بھارت کی منافقت اس بات سے عیاں ہے کہ خود بھارت مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے حوالے سے منظور کردہ عالمی قراردادوں کی راہ میں رکاوٹ ہے بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ کسی سے بھی پوشیدہ نہیں۔ مسلمان چاہے فلسطین میں ہوں یا کشمیر میں اس وقت بدترین بربریت کا شکار ہے انسانی حقوق کی بدترین پامالی کے مرتکب نریندر مودی کسی جواب دہی سے مستثنیٰ دنیا کو عالمی قوانین کی پاسداری کا درس دیتے نظر آ رہے ہیں جو کہ قیامت کی نشانی ہے دنیا میں بسنے والے غریب اور مظلوم قوموں کے لیے زیادہ تشویش کی بات یہ ہے کہ عالمی انسانی حقوق کے ادارے اس وقت غیر فعال ہو چکے ہیں ان کے پاس کردہ قراردادیں اور اعلامیوں کی حیثیت محض کاغذ کے ایک ٹکڑے کی مانند ہے بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے بالعموم اور نریندر مودی کی حکومت کے آنے کے بعد بالخصوص تمام اقلیت و بشمول مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو مٹانے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے آئیے ذرا بھارت کے اندر اقلیتوں کے ساتھ حالت ظاہر کا مختصر جائزہ لیتے ہیں کس طریقے سے مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی ریاستی سرپرستی میں جاری مہم کو دنیا نظر انداز کر رہی ہے ہندوستان کے 20 کروڑ مسلمان آج اپنی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو بچانے کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ 1992 میں بابری مسجد کے انہدام کے بعد جو بیج بویا گیا تھا، وہ اب حکومتی سرپرستی میں ایک مکمل درخت بن چکا ہے۔ "تجاوزات" اور "ترقی" کے نام پر مساجد، مزارات، مدارس اور عیدگاہیں گرائی جا رہی ہیں۔ اعداد چیخ چیخ کر بول رہے ہیں 1992 سے اب تک 861 مسلم مذہبی مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ اس فہرست میں 57 مساجد، 563 مزارات، 6 درگاہیں، 226 مدارس، 6 عیدگاہیں، 1 قبرستان اور 2 مینار شامل ہیں صرف اتراکھنڈ میں ہی 538 سے 572 مزارات کو مسمار کر دیا گیا۔ اور یہ ماضی کی بات نہیں۔ یہ آج بھی ہو رہا ہے۔ 5 ستمبر 2026 کو اتر پردیش کے ضلع سہارنپور میں 150 سال پرانی مسجد کو شہید کر دیا گیا۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ آتے ہی انتظامیہ نے اتنی جلدی بلڈوزر چلا دیے کہ مسلمانوں کو سپریم کورٹ جانے کا وقت ہی نہ ملا۔ یہ "آپریشن" نہیں تھا۔ یہ اسی طویل سلسلے کی ایک اور کڑی تھی۔ اتر پردیش: یوگی حکومت نے 2025 میں تقریباً 30 مساجد گرائیں۔ 2026 میں وارانسی اور اٹاوہ کی عمارتیں بھی نشانہ بنیں۔ دہلی 700-600 سال پرانی اخوندجی مسجد 30 جنوری 2024، درگاہ پنج پیران 6 مئی 2026 -ہریانہ: مسجد چوک 29 مئی 2026 مہاراشٹر 5، گجرات 4، راجستھان 5، مدھیہ پردیش کے اجین میں 3، آسام میں درجنوں مقامات -سب سے بھیانک: جون 2026 کے 45 دنوں میں 23 مذہبی مقامات گرا دیے گئے۔ وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے بعد 8.72 لاکھ وقف جائیدادیں جن کی مالیت 1.2 لاکھ کروڑ روپے ہے، ان کے فیصلے اب ضلعی کلکٹروں کے ہاتھ میں ہیں۔ یعنی مسلم کمیونٹی اپنے اسکولوں، قبرستانوں اور فلاحی اداروں کی زمین پر خود فیصلہ نہیں کر سکتی۔ ناقدین کہتے ہیں یہ قانون وقف کو کمزور کر کے اسے سرکار کے حوالے کرنے کی تیاری ہے۔ ہندوستان کی 14.2% آبادی مسلمان ہے۔

لیکن: اذان پر پابندی، مدارس پر شک، عبادت گاہیں بند مسلم خواتین کی لیبر فورس میں شرکت صرف 38.2% لوک سبھا میں آبادی کے حساب سے 77 نشستیں بنتی ہیں، ملیں صرف 24۔ 2024 میں نفرت انگیز تقریروں کے 1165 واقعات ہوئے، 98.5% کا نشانہ مسلمان تھے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ جیسے عالمی ادارے جن کا بنیادی کام انصاف، مذہبی آزادی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ہے غیر جانبدارانہ پالیسی پر عمل پیرا ہوں گے، طاقتور اور کمزور کے لیے دوہرا معیار ترک نہیں کریں گے تب تک بھارت اور اسرائیل بلاخوف و خطر انسانی حقوق کی پامالی جاری رکھیں گے اقوام متحدہ اور مغربی ممالک کو تعصب کی عینک اتار کر انسانی اور مذہبی آزادی جس کا اپنے ملک میں وہ نفاذ چاہتے ہیں اس کے لیے دوسرے ممالک کو اتنا ہی حقدار سمجھنا ہوگا اس پالیسی کو اپنائے بغیر مودی اور اس کے حواری اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی منصوبے سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

شہر قائد

چیئرمین منگھوپیر حاجی نواز علی بروہی کی نگرانی میں ترقیاتی سرگرمیاں

نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹر ایبل بنانے کے جاری کام کا معائنہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی زیرِ نگرانی منگھوپیر ٹاؤن میں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اہم شاہراہوں کی بہتری کے لیے ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹر ایبل بنانے کے جاری کام کا ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر پہنچ کر خود معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت، رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر جاری ترقیاتی کام کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور متعلقہ ذمہ داران سے کام کی پیش رفت اور موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سڑک کو موٹر ایبل بنانے کے کام میں معیار اور پائیداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تعمیراتی عمل کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ ہونے دی جائے، تاکہ شہریوں کو بہتر اور دیرپا سفری سہولت میسر آ سکے۔ معائنے کے دوران چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے وہاں موجود شہریوں سے بھی براہِ راست ملاقات کی۔ انہوں نے شہریوں سے علاقے میں آمد و رفت کی صورتحال، درپیش مشکلات اور دیگر بنیادی مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں سے جاری ترقیاتی کام کے حوالے سے ان کی رائے بھی معلوم کی اور پوچھا کہ سڑک کے کام کی رفتار اور معیار انہیں کیسا محسوس ہو رہا ہے، جبکہ کام کے دوران کسی قسم کی دشواری یا شکایت کی صورت میں بھی آگاہ کرنے کی ہدایت کی۔ حاجی نواز علی بروہی نے شہریوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل، شکایات اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور متعلقہ ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے کہ شہریوں سے براہِ راست رابطہ رکھا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ان کی رائے کو بھی اہمیت دی جائے، کیونکہ کسی بھی ترقیاتی کام کا بنیادی مقصد عوام کو عملی اور دیرپا سہولت فراہم کرنا ہے۔

قائد اعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں، صادق شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن و چوہدری شجاعت حسین لورز پاکستان کے بانی و مرکزی صدر محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں زندہ قومیں اپنے محسنوں پر ہمیشہ فخر کرتی ہیں۔ بانیٔ پاکستان، بابائے قوم اور برصغیر کے عظیم رہنما قائدِ اعظم محمد علی جناح کا 78 واں یوم وفات ملک بھر میں عقیدت و احترام اور قومی جذبے کے ساتھ منا کر یہ ثابت کر دیا ہے، کہ قائدِ اعظم کی قومی خدمات، سیاسی بصیرت، اصول پسندی اور قیام پاکستان کے لیے انتھک جدوجہد کو خراجِ عقیدت پیش کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ اعظم نے مسلمانوں کے سیاسی، معاشرتی اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے طویل جدوجہد کی۔ وہ 1913 سے قیامِ پاکستان تک آل انڈیا مسلم لیگ کی قیادت کرتے رہے اور مسلمانوں کو ایک منظم سیاسی قوت بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ان کی مدبرانہ قیادت میں برصغیر کے مسلمانوں نے ایک الگ وطن کے حصول کی جدوجہد کو منظم کیا، جس کے نتیجے میں 14 اگست 1947 کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد قائدِ اعظم نے نومولود مملکت کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے انتہائی مشکل حالات میں ریاستی امور کی بنیاد رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ انہوں نے 15 اگست 1947 کو پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کا منصب سنبھالا اور 11 ستمبر 1948 تک اس منصب پر فائز رہے۔ قیامِ پاکستان کے ابتدائی دنوں میں ملک کو بے شمار مشکلات کے باوجود۔ لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی ڈھانچے کی تشکیل، معاشی مسائل اور ریاستی اداروں کے قیام جیسے بڑے چیلنجز درپیش تھے۔ قائدِ اعظم نے اپنی علالت کے باوجود ان تمام معاملات پر بھرپور توجہ دی اور نئی ریاست کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے شب و روز کام کیا۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ قائدِ اعظم کی سیاسی زندگی کا بنیادی وصف اصول پسندی، دیانت داری، نظم و ضبط، آئینی جدوجہد اور قومی یکجہتی تھا۔ ان کا تصورِ پاکستان ایسا معاشرہ تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں اور اقلیتوں سمیت ہر شہری کو اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہو۔

ضلع انتظامیہ نے کراچی کے علاقے نیو کراچی 5000 روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کی نگرانی کی

ماحولیاتی مسائل کیلئے نظام موثر بنایا جائیگا، سیکریٹری فیصل عقیلی

ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کیلئے صنعتوں کو رہنمائی، مہلت اور تکنیکی معاونت دی جائے، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی سندھ فیصل احمد عقیلی نے کہا ہے کہ ماحولیاتی مسائل کو جڑ سے حل کرنے کیلئے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، صنعتکاروں کو ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، سیپا اور صنعتی شعبے کے درمیان رابطہ بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، شکایات کے ازالے کیلئے فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ رابطے کیلئے خصوصی واٹس ایپ گروپ بھی قائم کیا جائے گا۔ ماحولیاتی منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر سید محمد طلحہ علی، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سلیم الزماں، سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عاشق علی لانگا، ریجنل ڈائریکٹر ایم عمران صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر صدا بخش، ڈائریکٹر وارث علی گبول اور کراچی سینٹر فار کلائمیٹ چینج کی فریال دیوان سمیت دیگر صنعتکار اور ممبران بھی موجود تھے۔ فیصل احمد عقیلی نے مزید کہا کہ سیپا کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جو شکایات پر کارروائی کے ساتھ شکایت کنندگان کو ان کی درخواستوں کی صورتحال اور پیش رفت سے آگاہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کیلئے واٹس ایپ گروپ پہلے ہی قائم کیا جا چکا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ بہتر رابطے اور سہولت کیلئے علیحدہ واٹس ایپ گروپ بھی بنایا جائے گا۔ سیکریٹری ماحولیات نے بتایا کہ محکمہ کو 6 منصوبے موصول ہوئے ہیں جنہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ بہتر رابطہ کاری اور منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے ورکشاپس اور سیمینارز بھی منعقد کیے جائیں گے۔ جس میں سیپا اور کاٹی کے دو، دو نمائندے نامزد کیے جائیں جبکہ کاربن فنانسنگ کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز اور عوام میں آگاہی کیلئے سیشنز منعقد کیے جائیں۔

سی ویو بیچ کراچی پر غیر صحت مندانہ حالات متعلقہ حکام کی غفلت کو اجاگر کرتے ہیں

سندھ بھر سے

گڑھی یاسین کے دیہات میں بیماری اور غربت کا کڑا امتحان

پاکستان میڈیکو انٹرنیشنل سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن مستحق مریضوں کی مدد کے لیے میدان میں آ گئے

شکارپور (بیورو رپورٹ) شکارپور کی تحصیل گڑھی یاسین کے مختلف پسماندہ دیہات میں بیماری اور غربت نے متعدد خاندانوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جہاں کینسر، تھیلیسیمیا، جلدی امراض اور دیگر پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا مستحق مریض علاج اور ادویات کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں۔ ایسے مشکل حالات میں پاکستان میڈیکو انٹرنیشنل سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے ضرورت مند مریضوں کی مدد کا سلسلہ جاری ہے۔ گڑھی یاسین کے ڈگھپور، مصری واہ، جمالپور، دیا واں اور دیگر دیہات میں متعدد ایسے خاندان موجود ہیں جو بیماری اور غربت کے دوہرے عذاب کا سامنا کر رہے ہیں۔ کئی گھروں میں ایک فرد کی بیماری نے پورے خاندان کو مالی اور معاشی مشکلات میں مبتلا کر رکھا ہے، جبکہ محدود آمدنی کے باعث مہنگے علاج اور ادویات کا خرچ اٹھانا ان خاندانوں کے لیے انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ کینسر، تھیلیسیمیا، جلدی امراض سمیت مختلف پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا مریضوں کو مسلسل علاج اور ادویات کی ضرورت ہوتی ہے، تاہم غریب خاندانوں کے لیے علاج معالجے کے اخراجات پورے کرنا ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ کئی خاندان ایسے بھی ہیں جن کے لیے مریض کے علاج کے ساتھ دو وقت کی روٹی کا انتظام کرنا بھی مشکل ہے۔ اسی صورتحال کے پیش نظر پاکستان میڈیکو انٹرنیشنل سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر محمد اقبال کی سربراہی میں مستحق اور ضرورت مند مریضوں تک امداد پہنچانے کی کوششیں جاری ہیں۔ تنظیم کی جانب سے گڑھی یاسین کے مختلف دیہات میں پہنچ کر مریضوں کے علاج، ادویات اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی میں معاونت کی جا رہی ہے، جبکہ معذور بچوں اور خصوصی ضروریات رکھنے والے افراد کی بحالی کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صدر محمد اقبال کا کہنا ہے کہ تنظیم کا مقصد امدادی سرگرمیوں کو صرف گڑھی یاسین تک محدود رکھنا نہیں، بلکہ سندھ کے دیگر پسماندہ دیہات اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں موجود مستحق اور ضرورت مند مریضوں تک بھی مدد پہنچانا ہے۔ ان کے مطابق بیماری کے ساتھ غربت کا سامنا کرنے والے خاندانوں کو سہارا فراہم کرنا انسانیت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ پاکستان میڈیکو انٹرنیشنل سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے مخیر حضرات اور صاحب استطاعت افراد سے مالی تعاون کی اپیل بھی کی گئی ہے۔

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہ میر بھٹو کی صدارت میں اجلاس

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف گورنرز و ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی میر منور تالپر، ضلع کونسل چیئرمین میر انور تالپر سمیت بورڈ آف گورنر کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں میر شیر محمد پبلک اسکول میرپورخاص کے فنڈز بڑھانے، پبلک اسکول میرپورخاص کی زمینیں خالی کروانے اور دیگر معاملات پر تفصیلی بحث کیا گیا۔

حیدرآباد میں بدین بس اسٹاپ کے قریب مزدور سڑک کی کارپٹنگ میں مصروف ہیں

نواں آباد کے قریب او جی ڈی سی ایل کے گیٹ پر مقامی افراد کا دھرنا

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) جام نواز علی نواں آباد کے قریب قائم او جی ڈی سی ایل بوبی آئل فیلڈ کے مرکزی گیٹ کے سامنے مقامی افراد نے روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجی دھرنا دے کر انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرین کی قیادت عرفان لسکانی اور دیگر مقامی رہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر احتجاجی رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بوبی آئل فیلڈ انتظامیہ مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی میں مسلسل نظر انداز کر رہی ہے، جبکہ پنجاب سمیت دیگر علاقوں سے آنے والے غیر مقامی افراد کو ملازمتوں میں ترجیح دی جا رہی ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ آئل فیلڈ کے گرد و نواح میں موجود متعدد دیہات بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ مقامی آبادی کو صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ احتجاجی رہنماؤں نے مزید الزام عائد کیا کہ سال میں صرف ایک آدھ مرتبہ آنکھوں کا کیمپ لگانے اور ایک خستہ حال اسکول بس فراہم کرنے کے علاوہ مقامی علاقے کی ترقی کے لیے خاطر خواہ اقدامات نظر نہیں آتے، جبکہ دیگر ترقیاتی فنڈز کے استعمال کے حوالے سے بھی مقامی لوگوں میں تحفظات پائے جاتے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق بوبی آئل فیلڈ کے اطراف میں حالیہ عرصے کے دوران دو نئے ویلز کی دریافت بھی ہوئی ہے، اس لیے مقامی آبادی کا مطالبہ ہے کہ انہیں روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات بھی فراہم کی جائیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ مقامی نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار فراہم کیا جائے۔

پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ نوشہرو فیروز کی حلف برداری تقریب

نوشہرو فیروز (نامہ نگار) پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ (رجسٹرڈ) (ضلع نوشہرو فیروز کے نومنتخب عہدیداران کی حلف وفاداری کی تقریب نوشہرو فیروز میں بلائنڈ اسکول، گورنمنٹ ڈگری کالج کے قریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ سندھ کے صدر عبدالجبار میرانی، سندھ کے نائب صدر مظفر حسین قریشی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و چائلڈ پروٹیکشن آفیسر فیاض علی گجر، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عبداللطیف سولنگی، پاکستان پریس کلب نوشہرو فیروز کے سرپرست اعلیٰ محمد ایاز ملک، صدر راجا رئیس سولنگی، نیشنل پریس کلب کے صدر ایم ظفر گجر سمیت صحافیوں، سماجی رہنماؤں اور دیگر معززین شخصیات نے شرکت کی۔

حیدرآباد کے حالی روڈ پر رہائشیوں کو پینے کے پانی کی قلت کا سامنا

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی نیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی نیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی ہم آہنگی بی بی تعاون ضروری ہے۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کئے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز، لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی رد و بدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یوسی عہدے داروں کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

بقیہ نمبر 1

ہوگیا۔ ایکسپریس نیوز پولیس حکام کے مطابق واقعہ غیرت کے نام پر قتل ہے، مقتول عباس نے ملزم کی بہن سے پسند کی شادی کی تھی، جس کو نشانہ بنانے کیلئے ایک ملزم اپنے ساتھی کے ساتھ پہنچا اور نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے ملزم اور ساتھی کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ عوام کے تشدد سے ماموں دم توڑ گیا۔ واقعے میں مجموعی طور پر دو افراد مرے جن میں ایک کی شناخت عباس کے نام سے ہوئی جبکہ ملزم اور ساتھی کو پولیس نے حراست میں لے کر تھانے منتقل کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 2

برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان اور متعلقہ وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹو پالیسی کے مسودے پر تفصیلی غور کیا گیا اور پالیسی کو حتمی شکل دینے سے قبل تمام اہم امور کے جامع جائزہ لینے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں آٹو پالیسی پر تمام وزارتوں اور متعلقہ اداروں کے تحفظات پر تفصیلی غور کا فیصلہ کیا گیا جبکہ پالیسی کے حتمی مسودے کے قانونی، مالی اور انتظامی پہلوؤں سے جائزہ لینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں موصولہ تجاویز اور سفارشات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 31-2026 کو وزیراعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 3

کر 4 لاکھ 57 ہزار 236 روپے کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت 6 ہزار 773 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 92 ہزار 6 روپے ہوگئی ہے۔

بقیہ نمبر 4

اعلیٰ حکام اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ حج دین اسلام کا ایک اہم رکن اور عظیم عبادت ہے، ہر مسلمان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کی زیارت اور فریضہ حج کی ادائیگی کی سعادت نصیب ہو۔ انہوں نے کہا کہ حج اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور اس عظیم عبادت کی سعادت حاصل کرنا ہر مسلمان کے لئے باعث فخر و مسرت ہے۔ انہوں نے قرعہ اندازی میں منتخب ہونے والے دونوں خوش نصیب ملازمین اور ان کے اہلخانہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے سینیٹر عامر ولی الدین چشتی کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی جانب سے سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کے لئے مفت حج کی سہولت فراہم کرنا ایک قابل تحسین، فلاحی اور احسن اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتے ہیں بلکہ ان کے لئے دینی فریضہ ادا کرنے کے مواقع بھی پیدا کرتے ہیں۔ سینیٹر عامر ولی الدین چشتی نے سینیٹ ایمپلائز ویلفیئر فنڈ کے لئے دس لاکھ روپے کا عطیہ بھی دیا۔

بقیہ نمبر 5

وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے ساتھ ایک منظم ٹیرر کرائم نیٹ ورک بھی سرگرم ہے، جو اسمگلنگ، منشیات، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات اور اسلحے کی فراہمی سمیت مختلف غیر قانونی سرگرمیوں کے ذریعے دہشت گرد کارروائیوں کو سہولت فراہم کرتا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ بہت سے لوگ ان سرگرمیوں کو اپنا کاروبار قرار دیتے ہیں، تاہم حکومت انہیں ٹیرر کرائم سمجھتی ہے۔ اس نیٹ ورک میں گاڑیوں کی اسمگلنگ، منشیات کا کاروبار، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات اور اسلحے کی فراہمی شامل ہے، جو عام جرائم پیشہ عناصر سے لے کر بڑے نیٹ ورکس تک پہنچائی جاتی ہیں۔ وزیر مملکت نے آزاد جموں و کشمیر میں ایک جماعت کو کالعدم قرار دیے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت بھی بہت سے سوالات اٹھائے گئے تھے کہ یہ کشمیریوں کے حقوق کی سیاسی جماعت یا کوئی کمیٹی ہے اور اسے سیاسی بنیادوں پر کالعدم قرار دیا گیا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اس وقت بھی واضح کیا گیا تھا کہ جماعت کو انتہائی ذمہ داری کے ساتھ دستیاب شواہد کی بنیاد پر کالعدم قرار دیا گیا، جن کی تحقیقات جاری ہیں اور اس حوالے سے بہت سی چیزیں سامنے آچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی بعض آڈیوز بھی لوگوں نے سنیں، تاہم ان کے حوالے سے یہ سوال اٹھایا گیا کہ آیا وہ مصنوعی ذہانت سے تیار کی گئی ہیں یا ان میں ردوبدل کیا گیا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ان معاملات کی حقیقت جاننے کے لیے شواہد اور تحقیقات کو سامنے رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کے پاس دہشت گردی اور اس کی معاونت کرنے والے نیٹ ورکس کے خلاف کارروائی کے لیے شواہد موجود ہیں اور ان معاملات کو سیاسی رنگ دینے کے بجائے حقائق اور تحقیقات کی روشنی میں دیکھا جانا چاہیے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر میں ایک شخص گزشتہ کئی برس سے مختلف افراد کو اسلحہ فراہم کرنے کے کام میں ملوث ہے، جبکہ گزشتہ دو برس سے وہ ایک مخصوص گروہ کے لوگوں کو براہ راست اسلحہ فراہم کر رہا ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران طلال چوہدری نے بتایا کہ اس معاملے کا آغاز ضیا نامی شخص سے ہوا، جو آزاد جموں و کشمیر کا رہائشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضیا گزشتہ 8 سے 10 برس سے مختلف لوگوں کو اسلحہ فراہم کرنے کا کام کر رہا ہے، جبکہ گزشتہ دو برس کے دوران اس کی جانب سے اسلحے کی فراہمی براہ راست مذکورہ گروہ کے افراد کو کی جارہی ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اس معاملے سے متعلق تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے شواہد کی بنیاد پر مزید کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 6

ہوا تو بدبخت حملہ آور عالم اسلام کے غیض و غضب سے نہیں بچ پائیں گے، امت مسلمہ پوری شدت سے اس حملے کا بھرپور جواب دے گی اور سعودی عرب کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا، مسلمان ممالک بالخصوص پاکستان اس نازک اور مشکل وقت میں سعودی عرب اور حرم مکی کے تحفظ میں صف اول کا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے واضح پالیسی کا فوری اعلان کرے، امت مسلمہ کو آئے روز درپیش چیلنجز سے مضبوط اور موثر اسلامی بلاک کے قیام کی ضرورت پہلے سے بڑھ کر محسوس کی جارہی ہے، جمعیت علما اسلام کے لاکھوں کارکن مملکت سعودیہ پر حملے کے دکھ درد میں شریک ہیں، سعودی عرب پر حملے نے امریکہ اور مغربی دنیا کے دوغلے رویے کو ایک بار پھر بے نقاب کردیا۔

بقیہ نمبر 7

کہنے پر گرڈ کو شفٹ کیا گیا، ایک ایم این اے کے کہنے پر کیسے گرڈ کو شفٹ کیا گیا۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ڈیمانڈ نوٹس میں ملی بھگت سے لوڈ کم لکھنے سے سسٹم پر بڑا لوڈ پڑ رہا ہے۔ بجلی کا عملہ رشوت لے کر اور مرغیاں کھا کر کم لوڈ لکھوا کر سسٹم کا ستیاناس کرا رہا ہے۔ ملک میں اکثر لوڈشیڈنگ والے فیڈرز کی وجہ ڈسکوز اور ان کا عملہ ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ ڈسکوز کا سسٹم اوور لوڈ ہو چکا ہے، سسٹم کو ٹھیک کرنے کے لیے ہر حلقے میں 60 کروڑ سے ایک ارب روپے تک سرمایہ کاری درکار ہے۔ انفراسٹرکچر کے مسائل حل کرنے کے لیے ڈسکوز کو جامع سرمایہ کاری کی ہدایت کی ہے۔ سسٹم پر سرمایہ کاری کے لیے 200 ارب روپے درکار ہوں گے جو صارفین سے 25 برس میں ریکور ہوں گے، اس رقم سے صارفین پر زیادہ بوجھ نہیں پڑے گا مگر سسٹم اپ گریڈ ہو جائے گا۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ہماری ڈسکوز نے آج تک سسٹم پر سرمایہ کاری نہیں کی۔ وزیراعظم کی ہدایت پر ڈسکوز کی بہتری کے لیے پلان ترتیب دیا گیا ہے۔ ہمارے پاس 14 ہزار فیڈرز ہیں، ساڑھے تین ہزار فیڈرز پر چوری کی وجہ سے لوڈشیڈنگ ہے، جبکہ ڈسکوز کو لوڈشیڈنگ کی جتنی اجازت ہے اس سے کئی گنا لوڈشیڈنگ ہورہی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ انفراسٹرکچر مضبوط بنانے کے لیے سرمایہ کاری کی ہدایت کی ہے۔ ہم فیڈر کے بجائے اب ٹرانسفارمر سے بجلی بند کریں گے، تاہم پورے فیڈر کے بجائے اسی ٹرانسفارمر پر لوڈشیڈنگ ہوگی۔ ہم فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کے بجائے ٹرانسفارمر لیول پر لے کر جارہے ہیں۔ لائن مین اور ایس ڈی او کو رشوت دے کر لوڈ کم لکھوایا جاتا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی نے تسلیم کیا کہ ساڑھے چودہ ہزار فیڈرز میں سے ساڑھے تین ہزار پر لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، یہ لوڈشیڈنگ چوری اور لائن لاسز کی وجہ سے ہورہی ہے۔ ایک سال بعد فیڈر سے بجلی بند کرنے کے بجائے ٹرانسفارمر پر لائیں گے۔ پیک آورز میں گیس کے پاور پلانٹس نہیں چلا رہے، گیس کا کارگو جو تین کروڑ ڈالر کا ملتا تھا اب ساڑھے نو کروڑ ڈالر سے بڑھ گیا ہے۔ ہم نے پیک آورز میں لوڈشیڈنگ فیول کاسٹ بچانے کے لیے کی۔ اویس لغاری نے کہا کہ کسی آئی پی پی کے ساتھ کوئی نیا معاہدہ نہیں کیا گیا، میڈیا میں اس حوالے سے غلط خبریں چلیں۔ اجلاس میں رکن کمیٹی رانا محمد حیات پاور اپنی ہی حکومت پر برس پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اتنی لوڈشیڈنگ ہے کہ عوام میں جانا مشکل ہوگیا، اگر جمہوری حکومت ہے تو دوبارہ عوام کے پاس کیسے جائیں گے؟ بل اتنے آرہے ہیں کہ عوام کا جینا دوبھر ہوگیا ہے، لوگ کہاں جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ سے درخواست ہے یہ صارفین پاکستانی ہیں، ہم نے پھر ووٹ کے لیے جانا ہے۔ رانا محمد حیات نے کہا کہ ڈسکوز کیا کریں، وزیر صاحب آپ پیچھے سے حق بند کردیتے ہیں۔ ایسا لگ رہا ہے جیسے ہم ملک کے لیے نہیں صرف آئی ایم ایف کے لیے کام کررہے ہیں۔ زمینداروں کا بل اتنا آرہا ہے، کیا پیداوار ہوگی، کیا ایکسپورٹ ہوں گی؟ جب کسان کو اٹھنے ہی نہیں دیا جارہا تو جی ڈی پی کیسے بڑھے گا۔ رانا محمد حیات نے کہا کہ وزیر صاحب باتیں تو بہت ہورہی ہیں، بجلی سستی نہیں ہوئی۔ اس پر اویس لغاری نے کہا کہ آپ ایک ذمہ دار فورم پر غیر ذمہ دارانہ بات کررہے ہیں، آپ یہ ثابت کریں کہ بجلی مزید مہنگی ہوئی۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ ملک میں بیٹری کا انقلاب شروع ہو چکا ہے، یہ صارفین کے حق میں ہے کہ وہ رات کو اپنی بجلی استعمال کریں۔ ڈسکوز کو بیٹری سسٹم کی تنصیب کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 8

میڈیا سے گفتگو میں طاہر اشرفی نے کہا کہ مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوششوں کے خلاف آئندہ جمع المبارک یوم مذمت کے طور پر منایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یوم مذمت مقدس مقامات پر حوثی باغیوں، ان کے حلیفوں کے حملوں کے خلاف ملک بھر میں منایا جائے گا، تمام مکاتب فکر کے علما خطبات جمعہ میں ان حملوں کی مذمت کریں۔ چیئرمین پاکستان علما کونسل نے مزید کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کا مرکز ہیں، ارض حرمین شریفین پوری امت مسلمہ کے لیے ریڈ لائن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 ارب مسلمان سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، حرمین شریفین کی حرمت، سلامتی اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔

بقیہ نمبر 9

انتخاب کرسکتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تیار کردہ حج پورٹل کے ذریعے 25 منظمین کے اکاؤنٹس میں حج واجبات کی مد میں 10 ارب روپے موصول ہو چکے ہیں، جس میں سے 4 ارب روپے سے زائد رقم آن لائن طریقہ کار کے ذریعے جمع کرائی گئی۔ وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کو خبردار کیا ہے کہ حج واجبات کی ادائیگی کے لیے صرف "پاک حج ایپ" یا "حج پورٹل" استعمال کریں۔ عازمین کسی غیر مجاز فرد یا کمپنی کو براہ راست رقم جمع نہ کرائیں تاکہ عازمین حج کسی قسم کی دھوکہ دہی یا مالی نقصان سے محفوظ رہ سکیں۔

بقیہ نمبر 10

بیان میں منظور وسان نے کہا کہ سندھ کے عوام پہلے ہی احساس محرومی کا شکار ہیں، نئے صوبوں کی بات سے محرومی میں مزید اضافہ ہوگا، سندھ کے مفاد کے خلاف کوئی بھی فیصلہ عوام مسترد کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے حوالے سے فیصلے کرنے والوں کو عقل سے کام لینا چاہیے، بلوچستان میں حالات پہلے ہی خراب ہیں، سندھ میں بھی ایسی صورتحال پیدا نہ کی جائے۔ منظور وسان نے کہا کہ ملک پہلے ہی مختلف بحرانوں کا شکار ہے، اسے مزید بحران کی طرف نہ دھکیلا جائے۔ صوبوں کا معاملہ ہو یا کینالز کا، پیپلز پارٹی کی قیادت کبھی سندھ کا سودا نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی پوری قیادت سندھ کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور سندھ کے مفادات کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ منظور وسان نے کہا کہ ایم کیو ایم ہو یا ضیاء الحق کا دور، صوبوں کے معاملے پر دونوں کا مؤقف ایک جیسا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 11

نے وائس چیئرمین طارق حسن، انور کمال، سندھ کے صدر امیر خان اور کراچی کے صدر سعید خان کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈیلرز حکومت کی جانب سے اعلان کردہ 100 روپے فی لیٹر کم قیمت پر پیٹرول فروخت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ریلیف پیکیج کا اعلان کرنے سے قبل ڈیلرز کو اعتماد میں نہیں لیا اور یہ بھی واضح نہیں کیا کہ کم قیمت پر فراہم کیے جانے والے پیٹرول کی رقم ڈیلرز کو کس طریقے سے واپس کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں کیے گئے وعدے پورے نہ ہونے کے باعث ڈیلرز مزید ادھار پر پیٹرول فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ ملک خدا بخش نے خبردار کیا کہ حکومت نے زبردستی ریلیف پیکیج نافذ کرنے کی کوشش کی تو پیٹرول پمپس بند کردیے جائیں گے۔ حکومت اگر عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو اپنے وسائل سے دے، ڈیلرز کی رقم نہ روکی جائے۔ وائس چیئرمین طارق حسن نے کہا کہ ڈیلرز گزشتہ 3 روز سے حکومت سے رابطے کی کوشش کررہے ہیں، تاہم کوئی مؤثر پیش رفت نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں پی پی ڈی اے کے تقریباً 14 ہزار ڈیلرز ہیں اور آج رات سے ریلیف پیکیج کے تحت پیٹرول فروخت نہیں کریں گے۔ ڈیلرز رہنماؤں نے حکومت کی جانب سے مجوزہ اسمارٹ لاک ڈاؤن کی تجاویز کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری سرگرمیاں پہلے ہی متاثر ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریلیف اسکیم کو کامیاب بنانے کے لیے ڈیلرز سے فوری مذاکرات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو براہ راست پیٹرولیم مصنوعات درآمد کرنے کی اجازت دے تو موجودہ مسئلہ بھی ختم ہوسکتا ہے۔ انور کمال نے کہا کہ اسکیم پر عملدرآمد کرانا ہے تو حکومت ڈیلرز کو اعتماد میں لے کر مذاکرات کرے۔

بقیہ نمبر 12

نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی کا فیصلہ ناقابل قبول ہے، حکومت اسے فوری واپس لے۔ ان کے بقول حکومتی پالیسیوں کے باعث ٹرانسپورٹرز مشکلات کا شکار ہیں۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ اگست کی ملک گیر ہڑتال کے دوران وزیر پیٹرولیم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی یقین دہانیوں پر ٹرانسپورٹرز نے اپنی ہڑتال 40 روز کے لیے مؤخر کی تھی، تاہم حکومتوں کی جانب سے کیے گئے معاہدوں پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حکومتوں نے معاہدوں پر عمل درآمد نہ کیا تو ملک بھر کے گڈز ٹرانسپورٹرز دوبارہ ملک گیر ہڑتال کریں گے۔ ان کے مطابق حکومت کی جانب سے مانگی گئی 40 روزہ مہلت آئندہ ہفتے ختم ہو رہی ہے۔ ملک شہزاد اعوان نے مطالبہ کیا کہ حکومت گڈز ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرے اور گزشتہ ہڑتالوں کے دوران کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہے تو ود ہولڈنگ ٹیکس، ٹول ٹیکس اور دیگر ٹیکسوں میں ٹرانسپورٹرز کو ریلیف دیا جائے۔

بقیہ نمبر 13

کرے گی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سرکاری اخراجات میں کمی، مہنگائی پر قابو پانے اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، کاروباری سرگرمیاں بند کرنے کے بجائے تاجروں اور عوام کو معاشی مشکلات سے نکالنے کی پالیسی اختیار کی جائے۔

بقیہ نمبر 14

مطابق سرجانی ٹاؤن میں صبح تقریباً 8 بجے گلی سے گزرنے والی ایک طالبہ کو موٹر سائیکل سوار شخص نے مبینہ طور پر ہراساں کرنے کی کوشش کی، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آئی ہے۔ دوسرا واقعہ فیڈرل بی ایریا بلاک 9 میں پیش آیا، جہاں ایک خاتون اپنی دو بچیوں کے ہمراہ سڑک سے گزر رہی تھی کہ سفید لباس میں ملبوس ایک شخص نے مبینہ طور پر اسے ہراساں کیا اور فرار ہونے کی کوشش کی۔ خاتون کے شور مچانے پر علاقہ مکینوں نے موقع پر پہنچ کر نوجوان کو پکڑ لیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار نوجوان ذہنی مریض معلوم ہوتا ہے، تاہم واقعے کی مزید جانچ کی جارہی ہے۔ شہری حلقوں نے خواتین اور طالبات کو ہراساں کیے جانے کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سندھ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کے لیے متاثرہ علاقوں میں پولیس گشت بڑھانے، نگرانی کا نظام مؤثر بنانے اور تعلیمی اداروں کے اطراف سی سی ٹی وی کیمروں کو فعال کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 15

وزیرآباد میں پیش آنے والے واقعات پر مختلف دعوے کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی نے پولیس اہلکاروں کو گالیاں دیں اور بعد ازاں اپنی مرضی سے پولیس وین میں بیٹھے، جبکہ واقعے کی ویڈیوز تمام نیوز چینلز پر بھی سامنے آئیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے دعویٰ کیا کہ سہیل آفریدی کی جانب سے پہلے اغوا ہونے کا مؤقف اختیار کیا گیا، تاہم بعد میں یہ کہا گیا کہ وہ خود گاڑی میں بیٹھے تھے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ انہوں نے ویڈیو شیئر کرکے اس معاملے کی حقیقت سامنے لائی، سادہ لباس میں تعینات مقدس علی نامی کانسٹیبل کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا جب کہ موقع پر موجود ایس ایچ او نے اسے پولیس اہلکار قرار دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ سادہ لباس میں سیکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی معمول کا حصہ ہے، سہیل آفریدی سمیت بعض ساتھیوں کو اشتہاری قرار دیتے ہوئے حماد اظہر کی گرفتاری کو بھی اسی معاملے سے جوڑا۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ کارکن اشتیاق کے گھر جاکر مذہب کا حوالہ دیا گیا، تاہم اشتیاق کے اہل خانہ نے پنجاب پولیس کے تعاون کی بات کی، انہوں نے سٹریٹ موومنٹ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ویڈیو بنوا کر خود کو مظلوم ظاہر کیا جاتا ہے۔ سہیل آفریدی کے طرز عمل پر تبصرہ کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ اگر مقصد ڈرامہ کرنا تھا تو انہیں بتادیا جاتا تاکہ الحمرا ہال کھلوا دیا جاتا، انہوں نے سہیل آفریدی پر کبھی مذہب کارڈ استعمال کرنے اور کبھی سلطان راہی کی طرح بڑھکیں مارنے کا الزام بھی عائد کیا۔ لندن کے دورے سے متعلق انہوں نے مزید کہا کہ چیف منسٹر نے تمام اخراجات خود برداشت کیے، جیسے ہی متعلقہ ریکارڈ ان کے پاس آئے گا، وہ اسے شیئر کریں گی اور رسید بھی فراہم کریں گی، تاہم ان کے مطابق الزامات کا سلسلہ اس کے باوجود جاری رہ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 16

57 کروڑ 70 لاکھ ڈالر تھا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ جولائی اور اگست 2026ء کے دوران سعودی عرب کے لیے پاکستان کی برآمدات 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہیں، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ حجم 10 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھا۔ اس طرح گزشتہ 2 ماہ کے دوران سعودی عرب کے لیے پاکستانی برآمدات میں 3.92 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں سعودی عرب سے پاکستان کی درآمدات میں بھی نمایاں کمی ہوئی، جس کے باعث دونوں ممالک کے درمیان تجارتی خسارہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں کم ہوگیا۔

بقیہ نمبر 17

آزاد خان نے بتایا کہ 28 جولائی کو میر رضا کی موت ہوئی، 29 جولائی کو والد نے رپورٹ کیا، ابتدائی معلومات میں گھاس سے خون، ایک پھول دان اور خون سے بھرا لفافہ ملا، پولیس نے 30 بور پستول کی گولی کا خول بھی برآمد کیا، یکم اگست کو میر رضا کیس پر پہلی انویسٹی گیشن ٹیم بنی، 9 اگست کو دوسری تفتیشی ٹیم بنی۔ سینیٹر قرۃ العین مری نے کراچی پولیس چیف سے استفسار کیا کہ کیا یہ سچ ہے میر رضا نے موت سے پہلے اپنے بینک اکاؤنٹ خالی کرکے تمام پیسہ والدین کو ٹرانسفر کردیا تھا؟ کیا یہ بھی سچ ہے میر رضا نے اپنے تمام سوشل میڈیا اکاؤنٹ خود بند کر دیے تھے؟ کیا یہ بھی سچ ہے کہ میر رضا عام طور پرائیویٹ گاڑی پر جاتے تھے اور قتل کے دن آن لائن گاڑی منگوا کر گئے، جس پر کراچی پولیس چیف آزاد خان نے بتایا یہ سب سچ ہے۔ آزاد خان نے بتایا کہ میر رضا اس دن گھر سے گن بھی لے کر گئے تھے، میر رضا کیس پر میڈیکو لیگل کرنے والے ڈاکٹرز نے میڈیا پر جاکر بیان دے دیا، سینیٹر قرۃ العین مری نے پوچھا کیا ڈاکٹر سمیعہ نے پولیس کو بیان دینے سے پہلے بیان دے دیا؟ جس پر آزاد خان نے کہا بالکل ڈاکٹر سمیعہ نے ٹی وی پر بیان دے دیا تھا۔ کراچی پولیس چیف نے سینیٹ کمیٹی کو بتایا کہ میر رضا کے 29 جولائی کے پوسٹ مارٹم رپورٹ میں گولی سامنے سے لگنے کا لکھا گیا جبکہ 8 اگست کی رپورٹ میں گولی پیچھے سے لگنے اور سینے سے نکلنے کا لکھا گیا۔ چیئرپرسن انسانی حقوق کمیٹی نے کہا امید ہے کہ ہم کسی کو یہاں کورنہیں کررہے، سوشل میڈیا پر آیا کہ میر رضا کو بری طرح ٹارچ کیا گیا تھا، کراچی پولیس چیف نے کہا ہائیڈروکلورک ایسڈ کے کچھ نشانات میر رضا کی شرٹ پر تھے، ٹارچ کے نشان بھی چہرے پر تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میر رضا 28 جولائی کو 3 بج کر 42 منٹ پر بہادر آباد سے سیکیورٹی گارڈ سے پستول لے کر نکلے، میر رضا پستول لیکر 3 بج کر 52 منٹ پر گھر واپس پہنچے، انہوں نے گھر سے 3 بج کر 57 منٹ پر آن لائن بائیک بک کی، اپنی گاڑی کی چابی، گھڑی، گاڑی اور بٹوا گھر چھوڑا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میر رضا 4 بج کر 9 منٹ پر پرائیویٹ گاڑی پر گھر سے نکلے، 4 بج کر 28 منٹ پر منظور اسٹریٹ گلستان جوہر اترے، ڈرائیور کو ہتھکنت کی، میر رضا 4 بج کر 38 منٹ پر نرسری کی جانب جاتے دکھائی دیے، والدین اس کو قتل قرار دے رہے ہیں لہٰذا قتل کی طرح انویسٹی گیشن ہورہی ہے۔ ایڈیشنل آئی جی نے کمیٹی کو بتایا کہ میر رضا کو جولائی میں ساڑھے 4 کروڑ روپے کا نقصان ہوا، میر رضا کے دونوں ہاتھوں پر پستول کے نشانات ملے، اب تک پولیس نے 78 افراد کے بیانات ریکارڈ کیے لیکن کسی سے قتل کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ سینیٹ کی انسانی حقوق کمیٹی 24 ستمبر کو کراچی میں اجلاس کرے گی، 24 ستمبر کے اجلاس میں میر رضا کیس کی تفتیشی ٹیم کو پیش ہو کر بریفنگ دینے کی ہدایت کردی۔

بقیہ نمبر 18

میں بعض بیٹرز کی بہتر کارکردگی کے باعث ان کی رینکنگ میں اضافہ ہوا۔ انگلستان ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں 103 گیندوں پر 76 رنز بنانے والے بابر اعظم 2 درجے ترقی کے بعد 13 ویں نمبر پر آگئے ہیں جبکہ سعود شکیل بھی 2 درجے بہتری کے بعد 16 ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ سعود نے تیسرے ٹیسٹ میں 43 اور 29 رنز بنائے تھے۔

بقیہ نمبر 19

ل بات کی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے یہ سب اللہ کی جانب سے بھیجا گیا ہے، ان شاء اللہ میں ماں بننے والی ہوں، انہوں نے اللہ کی مہربانی اور شفقت پر شکر ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں اس نئے سفر کو ایمان اور بھروسے کے ساتھ قبول کررہی ہوں۔ یاد رہے کہ ماہرہ خان ان دنوں ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں شرکت کے لیے کینیڈا میں موجود ہیں، جہاں انہوں نے میڈیا سے گفتگو کے دوران دوبارہ ماں بننے کے تجربے کے بارے میں کھل کر بات کی۔

بقیہ نمبر 20

ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید اور سید طلحہ علی، سابق صدر شیخ عمر ریحان، مسعود نقی، سید فرخ اظہر، جنید نقی، احتشام الدین سمیت دیگر عہدیداران موجود تھے۔ صدر کاٹی اکرم راجپوت نے آئی جی سندھ کی کاٹی آمد پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ کرائم مانیٹرنگ اینڈ ٹاسک فورس سیل کا قیام پولیس اور صنعتی و تجارتی برادری کے باہمی تعاون سے جرائم کی روک تھام کی جانب اہم اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی علاقوں میں سیکیورٹی کی بہتری اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے پولیس کے ساتھ مؤثر رابطہ ضروری ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ تاجر برادری کا تحفظ اور صنعتی علاقوں میں امن وامان کا قیام سندھ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان مؤثر رابطہ جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کیلئے محفوظ ماحول کی فراہمی ہر ممکن یقینی بنائی جائے گی، جبکہ جرائم کی نشاندہی، نگرانی اور بروقت کارروائی کیلئے جدید طریقہ کار کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے۔ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ سندھ پولیس کے افسران اور جوانوں کی قربانیوں کے باعث شہر میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی ہے، پولیس جرائم کے خاتمے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 21

کے باوجود کراچی میں بجلی کا بحران ختم نہیں ہوسکا اور مختلف علاقوں میں 11،11 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، جبکہ بعض علاقوں میں 3 روز سے بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ عامر صدیقی نے کہا کہ باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین بھی کے الیکٹرک کی طویل لوڈشیڈنگ سے شدید متاثر ہیں۔ منتخب پی ایم ٹیز پر بھی طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے نیپرا میں کے الیکٹرک کی لوڈشیڈنگ کے خلاف باقاعدہ شکایت درج کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کراچی میں 11 گھنٹے لوڈشیڈنگ اور کئی روز سے جاری بجلی کی بندش کا فوری نوٹس لے کر کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 22

لیے مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ سکھدیو ہمنانی نے کہا کہ واقعے میں ملوث تمام عناصر کو جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ سرجانی ٹاؤن میں گھر سے خاتون اور ان کے تین بچوں کی لاشیں برآمد ہوئی تھیں۔ پولیس نے مقتولہ کے سسر محمد یامین کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مقتولین کی ابتدائی میڈیکل رپورٹ تیار کرلی گئی ہے، جس میں چاروں کے سروں پر متعدد شدید نوعیت کی چوٹیں سامنے آئی ہیں۔ پولیس سرجن کے مطابق سر پر شدید ضربوں سے دماغی نشوز کو نقصان پہنچا۔ مقتولین کو کوئی نشہ آور چیز دی گئی تھی یا نہیں، اس بارے میں کیمیائی تجزیے کی رپورٹ سے مزید معلومات سامنے آئیں گی۔ پولیس واقعے کی مزید تحقیقات کے ساتھ مقتولہ کے لاپتا موبائل فون سمیت دیگر شواہد بھی اکٹھے کررہی ہے۔

بقیہ نمبر 23

گیا۔ ترجمان کے مطابق متعلقہ مالکان اور مکینوں کو پہلے ہی نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں اور انہیں نوٹس ملنے کے 3 روز کے اندر عمارتیں خالی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مالکان کو خطرناک عمارتوں کے ڈھانچے خود ہٹانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ ایس بی سی اے کے مطابق کھڈا، نواب آباد، بہار کالونی، چاکیواڑہ اور دریاباد میں متعدد عمارتیں خطرناک قرار دی گئی ہیں۔ ان میں عائشہ منزل کھڈا، نواب آباد کی پلاٹ نمبر A/2619 اور A/2975، کھڈا امیمن سوسائٹی طیب علی روڈ کی عمارت، علیقا منزل کھڈا، بہار کالونی کے پلاٹ نمبر 415 اور A-415 اور چاکیواڑہ کی ایک عمارت شامل ہیں، جبکہ دریاباد گلی نمبر 6 کی متعدد عمارتوں کو بھی خطرناک قرار دیا گیا ہے۔ ایس بی سی اے نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ مدت میں عمارتیں خالی نہ کرنے کی صورت میں کارروائی کی جائے گی اور 3 روز بعد کسی بھی نقصان کی ذمہ داری مالکان اور مکینوں پر عائد ہوگی۔ ترجمان کے مطابق شہریوں کے تحفظ کے لیے خطرناک عمارتوں کو فوری خالی کرنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 24

باعث ملک کی 16 فیصد سیلولر سائٹس متاثر ہوئیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے مطابق تمام موبائل آپریٹرز کو موبائل ٹاورز پر چوری اور توڑ پھوڑ کے واقعات کی بروقت ایف آئی آر درج کرانے کی ہدایت کردی گئی ہے، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مقدمات کی مؤثر پیروی اور منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ موبائل ٹاورز اور انٹرنیٹ سے متعلق مسائل کے حل کے لیے وزارت قانون، پی ٹی اے اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے درمیان مشاورت جاری ہے، جبکہ ٹیلی کام کمپنیوں سے بھی مسائل کے حل کے لیے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق ٹیلی کام سائٹس کے لیے خصوصی بجلی کے ٹاورز اور اسمارٹ گرڈ نظام پر کام شروع کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نیپرا، پاور ڈویژن اور بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں سے ٹیلی کام سائٹس کو صنعتی بجلی کے نرخوں پر فراہمی کے لیے مذاکرات جاری ہیں۔ ٹیلی کام سائٹس پر لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے سیکریٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سربراہی میں کمیٹی قائم کردی گئی ہے، جو ایکسپریس فیڈرز اور اسمارٹ ٹرانسفارمرز کے ذریعے موبائل ٹاورز کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے اقدامات کرے گی۔

بقیہ نمبر 25

کی کوششیں مزید تیز کی جائیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ کی جانب سے حاصل کی گئی پیش رفت حوصلہ افزا ہے اور ہمارے صحت کارکنوں، ضلعی انتظامیہ اور شراکت دار اداروں کی محنت کی عکاسی کرتی ہے لیکن ہمارا مشن اس وقت تک مکمل نہیں ہوگا جب تک ہر بچے کو تحفظ حاصل نہیں ہو جاتا اور ہر ضلع سے وائرس کا خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ کسی بھی بچے کو غفلت، کمزور نگرانی یا فالو اپ نہ ہونے کے باعث ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ "وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، آئی جی پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو، کمشنر کراچی حسن نقوی، صوبائی سیکریٹریز، صوبائی کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (ای او سی) شہریار گل، سندھ حکومت کے شراکت دار اداروں اور ڈپٹی کمشنرز نے شرکت کی۔ دیگر اضلاع کے کمشنرز، ڈی آئی جیز، ڈپٹی کمشنرز اور ایس ایس پیز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے بتایا کہ پاکستان میں وائلڈ پولیو وائرس (ڈبلیو پی وی ون) کے کیسز 2024 میں 74 سے کم ہوکر 2025 میں 31 رہ گئے جبکہ 2026 میں اب تک صرف 3 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ سندھ میں رواں سال صرف ایک کیس ریکارڈ کیا گیا ہے جو 10 فروری کو سجاول سے رپورٹ ہوا، جبکہ گزشتہ سال 9 اور 2024 میں 23 کیسز رپورٹ ہوئے تھے۔ ای او سی کے انچارج شہریار گل نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ ماحولیاتی نگرانی کے اعداد وشمار سے صوبے بھر میں وائرس کی گردش میں نمایاں کمی ظاہر ہوتی ہے۔ مثبت ماحولیاتی نگرانی کے مقامات کی تعداد مارچ 2025 میں 29 کی بلند ترین سطح سے کم ہوکر اگست 2026 میں صرف 5 رہ گئی ہے۔ کراچی سے باہر نگرانی کے تمام 14 مقامات اس وقت منفی ہیں، جبکہ کراچی کے 15 میں سے 6 مقامات بدستور مثبت ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وائرس کی منتقلی شہر کے محدود علاقوں تک تیزی سے محدود ہو رہی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 2025 میں وائرس کی زیادہ منتقلی کے موسم کے دوران کراچی میں پولیو کا کوئی تصدیق شدہ کیس سامنے نہ آنا، اس کے باوجود کہ بعض ماحولیاتی نمونے مثبت تھے، معمول کی حفاظتی ویکسینیشن اور بار بار کی جانے والی ویکسینیشن مہمات کے ذریعے حاصل ہونے والی آبادی کی مضبوط قوت مدافعت کی عکاسی کرتا ہے۔ چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ نے مشاہدہ کیا کہ مسلسل حفاظتی ٹیکہ جات کی کوششوں نے ان علاقوں میں بھی کلینیکل کیسز کی روک تھام میں مدد دی ہے جہاں ماحولیاتی نگرانی کے ذریعے وائرس کی گردش کا پتا چل رہا ہے۔ پولیو کیسز میں کمی کے رجحان پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے زور دیا کہ پولیو کا ایک کیس بھی ایک کیس زیادہ ہے اور تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت کی کہ ویکسین سے محروم بچوں، انکار کرنے والے والدین اور انتظامی خامیوں کے معاملے میں زیرو ٹالرنس کا طریقہ اختیار کیا جائے۔ نگرانی کے نتائج کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کراچی اور دیگر نشاندہی کردہ ہائی رسک علاقوں میں ویکسینیشن اور نگرانی کی کوششیں مزید تیز کرنے، کراچی ایکشن پلان 2.0 پر مکمل عمل درآمد، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام کے درمیان بہتر رابطہ، نقل مکانی کرنے والی اور متحرک آبادیوں کی زیادہ قریب سے نگرانی اور کم سہولت یافتہ آبادیوں میں معمول کی حفاظتی ویکسینیشن کی کوریج بہتر بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی نمونے انتہائی اہم اشارے ہیں۔ وائرس کے ایسے بچوں تک پہنچنے سے پہلے ہمیں کارروائی کرنا ہوگی جو اس کے لیے حساس ہیں۔ اجلاس میں 2026 کے دوران چلائی جانے والی خصوصی بوسٹر ڈوز مہمات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ای او سی کے کوآرڈینیٹر شہریار گل نے بتایا کہ کراچی میں تقریباً 30 لاکھ زبانی پولیو ویکسین (او پی وی) کی خوراکیں اور 28 لاکھ 90 ہزار بوسٹر ڈوز دی گئیں، جبکہ دیگر ڈویژنز میں مہمات کے دوران تقریباً 27 لاکھ او پی وی خوراکیں اور 25 لاکھ 80 ہزار بوسٹر ڈوز دی گئیں۔ عمر کی حد میں توسیع کی حکمت عملی کے ذریعے اسکولوں اور کمیونٹی کی سطح پر اقدامات کے ذریعے بڑے بچوں تک بھی رسائی حاصل کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں کام کرنے والے فرنٹ لائن ورکرز، اساتذہ، کمیونٹی موبلائزرز اور محکمہ صحت کے عملے کی کوششوں کو سراہتے ہوئے انہیں پولیو کے خاتمے کے پروگرام کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیا۔ ٹاسک فورس کو بتایا گیا کہ جولائی 2026 کی ایس این آئی ڈیز مہم کے بعدان بچوں کو ویکسین پلانے کے لیے 10 روزہ خصوصی فالو اپ مہم شروع کی گئی جو ابتدائی طور پر ویکسین سے محروم رہ گئے تھے۔ ویکسین سے محروم رہ جانے والے 146,149 بچوں میں سے 23,500 سے زائد بچوں کو انکار کرنے والے اور دستیاب نہ ہونے والے بچوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہدفی کوششوں کے ذریعے بعد ازاں ویکسین دی گئی۔ مراد شاہ نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ کمیونٹی سے مضبوط رابطے اور عوامی آگاہی مہمات کے ذریعے ویکسین سے انکار کی شرح مزید کم کی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ والدین کا اعتماد حاصل کرنا پروگرام کی کامیابی کے لیے بدستور انتہائی اہم ہے۔ اجلاس میں 21 سے 27 ستمبر تک ہونے والی ایس این آئی ڈیز مہم کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، جس کے دوران سندھ بھر میں 5 سال سے کم عمر تقریباً ایک کروڑ بچوں کو ویکسین پلائی جائے گی۔ مہم 23 مکمل اضلاع اور 7 جزوی اضلاع کی منتخب یونین کونسلز میں چلائی جائے گی، جس میں 80 ہزار سے زائد فرنٹ لائن ورکرز حصہ لیں گے۔ حکام نے بتایا کہ سیکیورٹی فرائض کے لیے 26 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مہم کے لیے صوبائی حکومت کی مالی معاونت کا اعادہ کیا اور بتایا کہ فرنٹ لائن ورکرز کے لیے مراعات میں 28 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے تمام اضلاع کو ہدایت کی کہ مہم شروع ہونے سے قبل ویکسین کی فراہمی، لاجسٹکس، افرادی قوت کی تعیناتی اور نگرانی کے انتظامات سمیت باقی ماندہ تیاریوں کے اقدامات مکمل کیے جائیں۔ وزیراعلیٰ نے مہم کے معیار کے اشاریوں کا بھی جائزہ لیا اور انہیں بتایا گیا کہ سندھ نے معمول کی حفاظتی ویکسینیشن، نگرانی، افرادی قوت اور کمیونٹی سے رابطے کے شعبوں میں اہم اصلاحات پر کام جاری رکھتے ہوئے کارکردگی کے مضبوط معیار کو برقرار رکھا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر مراد شاہ نے پولیو سے پاک مستقبل کے حصول کے لیے سندھ کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے نمایاں پیش رفت کی ہے، لیکن پولیو کے خلاف جنگ کا یہ سب سے اہم مرحلہ ہے۔ ہر محکمہ، ہر ضلعی انتظامیہ اور ہر فرنٹ لائن ورکر کو اس وقت تک مکمل توجہ مرکوز رکھنا ہوگی جب تک وائرس کی منتقلی مستقل طور پر روک نہیں دی جاتی۔ ستمبر اور دسمبر میں ہونے والی آئندہ مہمات انتہائی اہم ہیں اور کسی بھی علاقے کو پیچھے نہیں چھوڑا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 26

وجہ سے ہر چیز کی قیمت بڑھ رہی ہے، لہٰذا روزانہ کی بنیاد پر پیٹرول کی قیمتیں بڑھانے کا طریقہ ختم کیا جائے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ سود کی شرح کم کرنے کے وعدے پر حکومت عمل درآمد کرے، سرکاری اخراجات کم کرنے کے بجائے عوام پر بوجھ ڈالا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری طیارے کے استعمال کا مکمل ریکارڈ قوم کے سامنے لایا جائے، سرکاری طیارے کے استعمال کے معاملے کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، وزرا اور سرکاری افسران کی گاڑیاں 1300 سی سی تک محدود کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کے معاملے پر تمام جماعتوں سے رابطے ہیں، اپوزیشن کی جماعتوں نے پیٹرولیم لیوی کے خلاف ہماری تحریک کی حمایت کی ہے، مولانا فضل الرحمان نے بھی پیٹرولیم لیوی کے خلاف تحریک کی حمایت کی اور بیرسٹر گوہر نے باقاعدہ بیان جاری کرکے ہماری حمایت کی، سندھ اسمبلی دو مرتبہ پیٹرولیم لیوی کے خلاف قرارداد منظور کرچکی ہے۔ حافظ نعیم نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کسی جماعت کا نہیں عام آدمی کا مسئلہ ہے، پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر سب کو ایک پیج پر آنا چاہیے، پیٹرولیم لیوی ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا بھی مسئلہ ہے، بلاول بھٹو سے بھی پیٹرولیم لیوی کے معاملے پر رابطے کی کوشش کی۔ امیر جماعت اسلامی نے واضح کیا کہ اسلام آباد مارچ معمول کی سرگرمی نہیں، غیر معمولی عوامی شرکت ہوگی، سلام آباد مارچ کے نتیجے میں عوام کو ریلیف ملے گا۔

بقیہ نمبر 27

پیٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے سہولت ڈیسک پر موجود افراد اسکیم کے مستحق شہریوں کی رہنمائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو رجسٹریشن اور دیگر ضروری مراحل میں ہر ممکن رہنمائی فراہم کی جائے، وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو عوام میں اسکیم سے متعلق کسی بھی قسم کی آگاہی کے لیے متحرک رہنے کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں وزیراعظم کو فیول سبسڈی اسکیم کی پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا کہ اسلام آباد میں اسکیم کے پائلٹ کے افتتاح کے بعد اب پورے ملک بشمول آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں اسکیم کا افتتاح کیا جاچکا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس سکیم کو عوام کے لیے انتہائی آسان بنایا گیا ہے، فیول سبسڈی اسکیم کی رجسٹریشن کے لیے صرف چار معلومات درکار ہیں، شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، رجسٹریشن کا صوبہ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ اس اسکیم میں رجسٹریشن کے لیے درکار چار بنیادی معلومات ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات اردو ویب سائٹ www.pmfuelrelief.pk پر دستیاب ہیں اور کامیاب رجسٹریشنز کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ مزید بتایا گیا کہ اسکیم کو ملک گیر سطح پر نافذ کرنے کے لیے صوبائی حکومتیں بھرپور تعاون کر رہی ہیں۔ وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق باجوہ اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ نمبر 28

پر دستخط کیے۔ ان نوادرات میں سے ایک پینٹی کی Grey Schist Figure چوتھی صدی عیسوی سے تعلق رکھتی ہے جبکہ پینٹیس Terracotta Fertility Figures ہیں جو کہ دو ہزار سات سو سے تین ہزار قبل مسیح سے تعلق رکھتی ہیں۔ قونصل جنرل نے کہا کہ چرائی گئی نوادرات کی قانونی واپسی مستقبل کی نسلوں کو تہذیب سے آگاہی کا موقع دے گی۔

بقیہ نمبر 29

اینڈ ایکوپمنٹ میں نظرثانی اور ماحول دوست طریقے سے بحری جہازوں میں موجود مضر مواد کے انتظام سے متعلق بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔ صدر مملکت نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی منظوری بھی دی، جنہوں نے پمز میں آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکالا۔

بقیہ نمبر 30

ملک سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے ساتھ ساتھ حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کیلئے پوری ثابت قدمی کے ساتھ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، یہ ایسا فریضہ ہے جسے ہر پاکستانی اپنے دل کے انتہائی قریب رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 31

ی کہ انکوائری رپورٹ میں تجویز کردہ قلیل مدتی اقدامات پر عملدرآمد آئندہ 3 ماہ میں یقینی بنایا جائے، جبکہ پمز کی بہتری اور اسے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پمز کے فائر سیفٹی نظام کیلئے پی کے ایل آئی سے معاونت اور تجاویز لی جائیں، جبکہ ڈبلیو ایچ او کی رپورٹ میں موجود تجاویز پر غور کرکے ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہسپتال میں ادویات اور دیگر سہولیات بالکل مفت فراہم کرنے کے اقدامات کو بھی لائحہ عمل کا حصہ بنایا جائے، جبکہ پمز کی بہتری کیلئے اچھی شہرت کے حامل افرادی قوت تعینات کی جائے۔ انہوں نے پمز ہسپتال کی بہتری کیلئے طویل مدتی اقدامات پر مشتمل ایک جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے پولی کلینک ہسپتال کا آڈٹ کرکے بے ضابطگیوں کو دور کرنے اور اس کی تنظیم نو کیلئے بھی لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت کردی۔ انہوں نے سی ڈی اے کو اسلام آباد کے تمام سرکاری اور نجی ہسپتالوں میں فائر سیفٹی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی، سی ڈی اے اور تمام متعلقہ اداروں کو سرکاری و نجی دفاتر اور عمارتوں کا فائر سیفٹی کے حوالے سے آڈٹ یقینی بنانے اور تمام دفاتر و عمارتوں میں ضروری فائر سیفٹی اقدامات پر عملدرآمد کرانے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر اجلاس کو وزارت قومی صحت کی جانب سے پمز ہسپتال کی بہتری اور اسے بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کرنے کیلئے کئے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، جس میں بتایا گیا کہ پمز ہسپتال کے پرفارمنس آڈٹ میں جانچ کئے گئے انڈیکیٹرز میں 90 فیصد کے قابل قبول ہدف کے مقابلے میں صرف 39.7 فیصد کمپلائنس پائی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پمز کی تحقیقاتی رپورٹ کی روشنی میں 37 مجوزہ اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے، جبکہ قلیل، وسط اور طویل مدتی اقدامات سے متعلق بھی اجلاس کو بریفنگ دی گئی۔

بقیہ نمبر 32

ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق امریکی وفد کی قیادت رابرٹ بریٹ ویلکوپچ نے کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، دفاعی ٹیکنالوجی میں بدلتے ہوئے رجحانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دفاعی سازو سامان کی خریداری، تیاری اور استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے قومی سلامتی اور ملکی استعداد و مضبوطی کو مزید مستحکم کرنے میں تکنیکی جدت اور جدید حل کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 33

کے مطابق ایف بی آر فیلڈ آفسز تمام بڑے شہروں میں سنٹر قائم کرکے تاجروں کی رجسٹریشن کریں گے، جبکہ آسان ٹیکس اسکیم کے تحت تاحال صرف دوسو کے لگ بھگ تاجروں نے گوشوارے فائل کیے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آسان ٹیکس اسکیم کے تحت تاجروں کی جانب سے جمع کرائے گئے گوشوارے مقررہ اہداف سے کم رہے، جس کے باعث ایف بی آر کے فیلڈ فارمیشنز کو تاجروں کی رجسٹریشن کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چھوٹے تاجروں کو رجسٹریشن کے لیے 30 ستمبر کے بعد رجسٹریشن کرانے پر بھی ریلیف ملے گا، جبکہ آسان ٹیکس اسکیم کے تحت 5 ہزار تاجروں نے ایپ میں رجسٹریشن حاصل کرلی ہے۔ آسان ٹیکس اسکیم کا بنیادی مقصد چھوٹے کاروباروں اور دکانداروں کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہے۔

بقیہ نمبر 34

کی ذمہ داری دی گئی ہے اور بلوچستان اور سندھ حکومت آپس میں بھی اس معاملے پر بات کریں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے رواں برس منشیات کے 9 ہزار کیسز پکڑے ہیں اور گزشتہ شب ایک بہت بڑے منشیات فروش کو مقابلے میں ہلاک کیا گیا ہے۔ انمول پنکی کے معاملے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی ہے۔ صحافیوں کے سوالات کے جواب میں آئی جی سندھ نے کہا کہ ڈاکٹر سمیعہ کو ملنے والی دھمکیوں کی معلومات ملی ہیں، جو بھی ملوث ہوگا اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ تاہم مذکورہ مقدمہ کمیشن میں زیر سماعت ہے اس لیے اس پر مزید بات نہیں کروں گا۔ سرجانی ٹاؤن واقعے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ واقعے کا نوٹس لے لیا ہے، ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ اسی طرح وکیل کی جانب سے پولیس اہلکار پر تشدد کے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اور ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے گا۔ کچھرو کے علی حسن جانبو کے معاملے پر آئی جی سندھ نے واضح کیا کہ وہ اغوا نہیں ہوئے تھے بلکہ لین دین کے معاملے پر انہیں حبس بے جا میں رکھا گیا تھا، تمام ملزمان کو جلد گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 35

اور شہلا نیازی بھی شامل ہیں، پی ٹی آئی کے نامزد رفقا کل بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل جائیں گے۔ دوسری جانب راولپنڈی پولیس کی جانب سے ملاقات کے موقع پر سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، جیل کے اطراف اور آمدورفت کے راستوں پر سکیورٹی کے حوالے سے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 36

ہے، علاج سرکاری یا نجی اسپتال میں ہوگا، یہ پوائنٹ فی الحال سائیڈ پر رکھ دیں، کیا ہمارے آرڈر کے باقی حصے پر عمل ہو رہا ہے؟ کیا ملاقاتیں اور بچوں سے بات کرائی گئی؟ فاضل جج نے کہا وفاقی آئینی عدالت قرآن وسنت کے معاملات میں مداخلت نہیں کرسکتی، وفاقی آئینی عدالت صرف آئین کی تشریح کرسکتی ہے، آئین کی تشریح کے علاوہ تمام معاملات سپریم کورٹ کے پاس ہیں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ سپریم کورٹ کا شریعت بینچ قرآن وسنت کی تشریح کرسکتا ہے۔ جس پر جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کیا عدالت درخواستیں خارج کردے یا سماعت نہ کرے؟ کیا ہم آئینی عدالت کے حکم کے پابند ہیں؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آئین کے مطابق آئینی عدالت مقدمات کا ریکارڈ ہی نہیں، کیسز بھی منگوا سکتی ہے، اس بات کا تعین ہونا ہے کہ آئینی عدالت کہاں کہاں سے ریکارڈ منگوا سکتی ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت کے حکم نامے میں لکھا ہے کہ ریکارڈ منگوا کر کیسز مقرر کیے جائیں، وفاقی آئینی عدالت میں کیسز مقرر کیا کا لفظ ہمیں کھٹک رہا ہے، اٹارنی جنرل ہماری معاونت کریں کہ وفاقی آئینی عدالت کیسے کیس سن سکتی ہے؟ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ اڈیالہ جیل انتظامیہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہوا تھا، سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کی گئی، کیا جیل سپرنٹنڈنٹ کے وارنٹ جاری کردیں؟ جس پر اٹارنی جنرل نے کہا مناسب ہوگا کہ ایک موقع دے دیں۔ جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے نظرثانی درخواست میں حکومت نے لکھا ہے کہ نجی اسپتال میں علاج نہیں ہوسکتا جس پر اٹارنی جنرل نے کہا عدالت کے حکم پر ریکارڈ فراہم کردیا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت سے آئین کی منشا سمجھنا چاہ رہے ہیں، عدلیہ کے درمیان باہمی احترام کے قائل ہیں، سوالات کا منفی مطلب نہ لیجیے گا، یہ صرف سمجھنے کے لیے ہیں۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ آئینی عدالت اور سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار آئین میں واضح ہیں جس پر جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ آئینی عدالت کے حکم میں لکھا ہے کہ وہ تعین کریں گے کہ بنیادی حقوق کے کیسز کون سن سکتا ہے، بنیادی حقوق کا معاملہ تو ہر کیس میں ہوتا ہے، شفاف ٹرائل کا بنیادی حق ہر فوجداری کیس میں سامنے آتا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ آئینی عدالت نے مقدمات کا ریکارڈ منگوا کر سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم دیا، مقدمات کو سماعت کے لیے مقرر کرنے کے حکم کے کیا نتائج ہوں گے؟ اٹارنی جنرل اس نکتے پر ہماری معاونت کریں۔ اٹارنی جنرل منصور اعوان نے کہا کہ مناسب ہوگا عدالت کیس پر سماعت 3 ہفتوں کے لیے مؤخر کردے، سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل کی استدعا منظور کرتے ہوئے کیس 3 ہفتوں کے لیے ملتوی کردیا۔

بقیہ نمبر 37

انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل بھروسہ ہے۔ ملک نہ صرف اپنا مؤثر دفاع کرنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ جارحیت کی صورت میں جواب دینے اور سزا دینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ سیاسی اور فوجی اہداف سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ملک کے سیاسی مقاصد کا تعین سیاسی قیادت کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوج اور ریاست کے مقاصد الگ الگ نہیں ہیں۔ پاکستان کے قومی اہداف اور خواہشات کا تعین سیاسی قیادت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ افغانستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس میں افغانستان میں درجنوں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کا ذکر کیا گیا ہے۔ پاکستان کا مؤقف واضح ہے کہ افغانستان کو عالمی سطح پر دہشت گردی کا مرکز نہیں بننا چاہیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ طالبان حکومت ایسے دہشت گرد عناصر کی تربیت کررہی ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا بنیادی مطالبہ صرف یہ ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے۔ مکہ معاہدے کے تحت پاکستان کے ممکنہ ردعمل سے متعلق سوال پر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دفاعی وعدوں پر عمل درآمد کا عملی طریقہ کار عوام کے سامنے ظاہر نہیں کیا جاتا، کیونکہ فوجی کارروائیوں اور سیکیورٹی سے جڑی حساس معلومات خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے میں شامل کسی ملک پر حملہ ہونے کی صورت میں ردعمل کی نوعیت کا فیصلہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مل کر کریں گے۔ تینوں ممالک حالات کا جائزہ لینے کے بعد مشترکہ لائحہ عمل طے کریں گے اور پھر اسی فیصلے کے مطابق کارروائی ہوگی۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مکہ معاہدے پر کسی جانب سے اعتراض سامنے نہیں آیا۔ عمومی طور پر اسے دفاعی نوعیت کا انتظام سمجھا جاتا ہے۔ اس معاہدے کا بنیادی مقصد خطے میں امن اور استحکام برقرار رکھنا اور مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 38

نظر بندی کی سفارش کی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن، ایس پی سٹی اور ایس پی صدر نے متعلقہ افراد کی نظر بندی کی سفارش کی، ڈپٹی کمشنر لاہور محمد علی اعجاز نے دفعہ 3 کے تحت نظر بندی کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ نمبر 39

نام درج ہے، تاہم احمد حسن کے مطابق احمد اور عثمان دو الگ الگ افراد ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ بھی میر رضا کے کاروبار میں سرمایہ کاری کرچکے ہیں۔ کمیشن نے رجسٹرار کو احمد حسن کو آئندہ اجلاس کی تاریخ سے آگاہ کرنے کی ہدایت کی ہے، جبکہ سرکاری ملازم عثمان بوزئی کو بھی مناسب طریقہ کار کے تحت نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اہلخانہ کے وکیل جبران ناصر نے میر رضا کے والد کو موصول ہونے والی ایک کال کا ریکارڈ کمیشن میں پیش کیا۔ ان کے مطابق کال کرنے والے شخص نے خود کو سینئر سرکاری افسر ظاہر کیا، جبکہ آڈیو میں کال کرنے والے نے ایس ایچ او عدیل افضال کی حمایت کی۔ جسٹس عمر سیال نے حکم نامے میں قرار دیا کہ آڈیو میں موجود گفتگو کو حکم نامے کا حصہ بنانا مناسب نہیں سمجھا گیا۔ کمیشن نے ایس ایچ او کو حمایت کے لیے مہم چلانے پر تنبیہ بھی کی۔ میر رضا کا پہلا پوسٹ مارٹم کرنے والے ایم ایل او ڈاکٹر اسامہ صحافی کا موبائل فون چھیننے کے معاملے پر جاری شوکاز نوٹس کے سلسلے میں کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ صحافی سے موبائل فون چھیننے والے شخص کو کمیشن کے سامنے پیش کریں گے

بقیہ نمبر 40

ملک سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے ساتھ ساتھ حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کیلئے پوری ثابت قدمی کے ساتھ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، یہ ایسا فریضہ ہے جسے ہر پاکستانی اپنے دل کے انتہائی قریب رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 41

بھی برآمد ہوا ہے، ملزم کو مقامی پولیس کے حوالے کردیا ہے۔ گوجرانوالا پولیس کے بیان کے مطابق سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار کو قتل قرار دینا قابل مذمت ہے۔ پولیس اہلکار سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات تھا، پولیس کا کارڈ دکھانے کے باوجود پولیس اہلکار پر تشدد کیا گیا، ایس ایچ او نے مداخلت کرکے کانسٹیبل کی جان چھڑوائی۔

وفاقی حکومت کا بجلی ٹرانسفارمز آن آف کرنے کا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ

ٹرانسفارمر آن آف کرنیکا نظام دنیا بھر میں استعمال ہونیوالا نیا کانسپٹ ہے، اگلے سال اپریل مئی تک نئے نظام کا ریگولیٹری فریم ورک دے دیا جائیگا

نئے نظام کے بعد پورے فیڈر کو بند کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، جس ٹرانسفارمر پر بجلی چوری ہوگی صرف اسی کو بند کیا جاسکے گا، وزیر توانائی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے بجلی کے ٹرانسفارمز کو آن آف کرنے کا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ اویس لغاری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ نئے نظام کے بعد پورے فیڈر کو بند کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، جس ٹرانسفارمر پر بجلی چوری ہوگی صرف اسی کو بند کیا جاسکے گا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ ٹرانسفارمر آن آف کرنے کا نظام دنیا بھر میں استعمال ہونے والا نیا کانسپٹ ہے، اگلے سال اپریل مئی تک نئے نظام کا ریگولیٹری فریم ورک دے دیا جائے گا۔ اویس لغاری نے کہا کہ ملک میں بجلی کی کوئی اضافی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جارہی، نیٹ میٹرنگ سسٹم میں تبدیلی کے بعد لوگوں نے بیٹریاں لگانا شروع کردی ہیں، تین چار لاکھ افراد کا بوجھ باقی ساڑھے تین کروڑ صارفین پر منتقل ہونے سے روکا ہے۔ قبل ازیں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس محمد ادریس کی زیرصدارت ہوا، اجلاس میں ہزارہ الیکٹرک سپلائی کمپنی حکام نے کمیٹی کو بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ مون سون میں 8 اضلاع میں 150 ٹرانسفارمرز فراہم کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن پڈھیانہ کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ برنواز نے کہا کہ گرڈ اسٹیشن کے لیے 2018 سے قبل فنڈز مختص ہوئے تھے، سابق وفاقی وزیر اس اسٹیشن کو اپنے علاقے میں لے گئے، جس کے باعث گرڈ اسٹیشن کی تعمیر کا کام مکمل نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم آفس کے خط کے جواب میں غلط بیانی کی گئی۔ انجینئر قمر اسلام راجہ نے بتایا کہ رپورٹ میں لکھا گیا کہ 80 فیصد کام مکمل ہوگیا، 80 فیصد کام مکمل ہونے کے بعد اب اس منصوبے کی شفٹنگ ممکن نہیں۔ وفاقی وزیر توانائی نے استفسار کیا کہ یہ بتایا جائے کس کے کہنے پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

پرانی غیر ملکی جہاز توڑنے کے لیے حب کے گڈانی شپ بریکنگ یارڈ میں لنگر انداز ہیں

طاہر اشرفی کا مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کیخلاف یوم مذمت منانے کا اعلان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ارض حرمین شریفین پوری امت مسلمہ کی ریڈ لائن ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیراہتمام عظمت حرمین شریفین کانفرنس، ملک گیر تحریک کا اعلان

جمعہ کو ملک بھر میں عظمت حرمین شریفین کے موضوع پر خطبات اور احتجاجی مظاہرے ہوں گے، آل پارٹیز کانفرنس کا متفقہ اعلامیہ

کراچی (پ ر) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے زیراہتمام کراچی کے مقامی ہوٹل میں عظمت حرمین شریفین آل پارٹیز کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں مختلف دینی و سیاسی جماعتوں کے قائدین، علما کرام اور مذہبی وسماجی رہنماؤں نے شرکت کی۔ کانفرنس کی صدارت مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سینئر نائب امیر اور دفاع پاکستان وسعودی عرب کونسل کے سربراہ ڈاکٹر علی محمد ابوتراب نے کی۔ کانفرنس میں حرمین شریفین کی عظمت و حرمت، سعودی عرب کی سلامتی، پاک سعودی تعلقات اور پاکستان، سعودی عرب وترکیہ کے دفاعی تعاون کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ شرکا نے حرمین شریفین کے خلاف کسی بھی جارحانہ اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے عالم اسلام کے اتحاد اور یکجہتی پر زور دیا۔ ڈاکٹر علی محمد ابوتراب نے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے روحانی، جذباتی، دینی، قلبی اور ملی عقیدتوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

مرکزی جمعیت اہلحدیث کی آل پارٹیز عظمت حرمین کانفرنس سے ڈاکٹر علی محمد ابوتراب، مفتی یوسف قصوری، ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی، مفتی رفیق سلفی، شیخ عبدالحنان سامرودی ودیگر علماء کرام نے خطاب کیا

پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی میں افغان سرزمین استعمال ہورہی ہے، طلال چودھری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی میں افغان سرزمین استعمال ہورہی ہے۔ وزیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

حاجی حنیف میمن کی گورنر سندھ سے ملاقات، سسر کے انتقال پر تعزیت کی

سیاسی وسماجی رہنما حاجی محمد حنیف میمن نے گورنر سندھ نہال ہاشمی کے سسر کے جنازے میں بھی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیاسی وسماجی رہنما حاجی محمد حنیف میمن نے کراچی میں گورنر سندھ محترم نہال ہاشمی کے سسر کے جنازے میں شرکت کی۔ اس موقع پر گورنر سندھ سے ملاقات میں حاجی محمد حنیف میمن نے مرحومہ کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

سیاسی وسماجی رہنما حاجی حنیف میمن کی گورنر سندھ سے ملاقات، اس موقع پر سسر کے انتقال پر تعزیت بھی کی

اورنگی ٹاؤن میں غیرت کے نام پر نوجوان قتل، حملہ آور عوام کے تشدد سے مارا گیا

مقتول عباس نے ملزم کی بہن سے پسند کی شادی کی تھی، جس کو نشانہ بنانے کیلئے ایک ملزم اپنے ساتھی کے ساتھ پہنچا اور نشانہ بنایا

لڑکی کے بھائی نے ماموں اور ساتھی کے ساتھ ملکر عباس کو نشانہ بنایا، ماموں عوام کے تشدد سے ہلاک، دو ساتھی گرفتار کرلئے گئے

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں پسند کی شادی پر نوجوان کو فائرنگ کر کے قتل کردیا گیا جبکہ عوام کے تشدد سے ملزم بھی موقع پر مارا گیا۔ اورنگی ٹاؤن دس نمبر پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں 25 سالہ عباس نامی شخص جاں بحق ہوگیا جبکہ فائرنگ کرنے والے شخص کو عوام نے پکڑ کر بدترین تشدد کا نشانہ بنایا اور وہ موقع پر ہی مرگیا جبکہ ملزم کا ساتھی فرار ہوگیا۔ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

سندھ میں نئے صوبوں کی بات کسی صورت قبول نہیں، منظور وسان

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما منظور حسین وسان نے سندھ میں نئے صوبے بنانے کی تجویز مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں نئے صوبوں کی بات کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ اپنے بیان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

آٹو پالیسی کے مسودے کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس کا فیصلہ

آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی کو وزیراعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا، اتفاق

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 2026-31 سے متعلق کمیٹی نے پالیسی کے مسودے کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر بدھ کو یہاں وزارت قانون و انصاف میں کمیٹی کا اجلاس وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت ہوا جس میں وفاقی وزیر برائے توانائی اویس احمد خان لغاری، وزیراعظم کے مشیر برائے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

کراچی: سونے اور چاندی کی قیمت مزید بڑھ گئی

کراچی (ویب ڈیسک) سونے اور چاندی کی قیمت میں مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا جہاں سونا 7 ہزار 900 روپے اضافہ ہوگیا۔ صرافہ مارکیٹ میں سونا 7 ہزار 900 روپے مہنگا ہوگیا، جس کے نتیجے میں فی تولہ سونا کی قیمت بڑھ کر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

چیئرمین سینیٹ نے دو ملازمین کیلئے حج قرعہ اندازی کا افتتاح کردیا

قرعہ اندازی سینیٹر سروس سینٹر، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد میں منعقد ہوئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹر عامر ولی الدین چشتی کی جانب سے سینیٹ سیکرٹریٹ کے گریڈ بی پی ایس 1 سے بی پی ایس 7 تک کے دو ملازمین کے لئے فراہم کی جانے والی مفت حج سہولت کے سلسلے میں قرعہ اندازی کا افتتاح کیا۔ قرعہ اندازی سینیٹر سروس سینٹر، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں سینیٹر سید مسرور احسن سینیٹر راحت جمالی سینیٹر عامر ولی الدین چشتی، سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر اور سینیٹ کے اعلی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کراچی: پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک خدا بخش پریس کانفرنس کررہے ہیں

لیاری میں خطرناک عمارتیں خالی کرنے کا حکم' SBCA کا مکینوں کا نوٹس

چاکیواڑہ، کھڈا اور دریاباد سمیت مختلف علاقوں کا تفصیلی معائنہ' متعدد عمارتیں خطرناک قرار دی گئیں

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) نے لیاری کے مختلف علاقوں میں انسانی جانوں کے لیے خطرناک قرار دی گئی متعدد عمارتیں فوری خالی کرنے کا حکم دے دیا۔ ایس بی سی اے ترجمان کے مطابق ٹیکنیکل کمیٹی برائے خطرناک عمارتوں نے نواب آباد، بہار کالونی، چاکیواڑہ، کھڈا اور دریاباد سمیت مختلف علاقوں کا تفصیلی معائنہ کیا، جس کے دوران متعدد عمارتوں کو کسی بھی وقت منہدم ہونے کے خدشے کے پیش نظر خطرناک قرار دیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کوئٹہ میں شہری خوبصورتی کے لیے مقامی حکومت نے فٹ پاتھوں کی پینٹنگ کی نگرانی کی

فیول اسکیم کا حصہ نہیں بنیں گے، زبردستی کرنے پر پمپس بند کردینگے، پیٹرول ڈیلرز

100 روپے فی لیٹر کم قیمت پر پیٹرول فروخت نہیں کرسکتے' حکومت نے ریلیف پیکیج کا اعلان کرنے سے قبل ڈیلرز کو اعتماد میں نہیں لیا

یہ بھی واضح نہیں کیا کہ کم قیمت پر فراہم کیے جانے والے پیٹرول کی رقم ڈیلرز کو کس طریقے سے واپس کی جائے گی، چیئرمین ملک خدابخش

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے حکومت کے اعلان کردہ پیٹرول ریلیف پیکیج پر عملدرآمد سے انکار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ریلیف پیکیج پر عملدرآمد سے قبل ڈیلرز کی قیادت سے مشاورت کی جائے اور فراہم کیے جانے والے پیٹرول کے معاوضے کی ادائیگی کا واضح طریقہ کار وضع کیا جائے۔ چیئرمین پی ڈی اے ملک خدا بخش ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

گڈز ٹرانسپورٹرز کا کرائے بڑھانے اور ملک گیر ہڑتال کا عندیہ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی ناقابل قبول ہے، حکومت معاہدوں پر عمل کرے، ملک شہزاد اعوان

کراچی (ویب ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کی صورت میں ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کرائے بڑھانے اور دوبارہ ملک گیر ہڑتال کرنے کا عندیہ دے دیا۔ اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتوں میں مزید اضافہ کیا گیا تو ٹرانسپورٹرز کرایوں میں اضافہ کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کوئٹہ کی جھلسا دینے والی گرمی میں فروش تازہ گنے کا رس بیچ رہا ہے

موبائل ٹاورز میں چوری، توڑ پھوڑ، 16 فیصد سیلولر سائٹس متاثر

کراچی (ویب ڈیسک) ملک بھر میں موبائل ٹاورز پر چوری اور توڑ پھوڑ کے واقعات میں اضافہ ہوگیا، گزشتہ 11 ماہ کے دوران 9 ہزار 200 سے زائد چوری اور تخریب کاری کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن کے باعث ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

تاجر دوست آسان ٹیکس سکیم، رجسٹریشن کیلئے ایف بی آر کو اہداف مقرر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) تاجر دوست آسان ٹیکس سکیم کے تحت تاجروں کی رجسٹریشن کا عمل تیز کرنے کے لیے ایف بی آر کے فیلڈ آفسرز کو اہداف مقرر کردیے گئے ہیں، تمام بڑے شہروں میں فیلڈ آفسرز کو تاجروں کی رجسٹریشن کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔ ذرائع کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

مقامی حکومت کا محکمہ کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر تیز رفتار تعمیراتی کاموں کی نگرانی کررہا ہے

ماں اور تین بچوں کا قتل منصوبہ بندی کا نتیجہ ہے، ترجمان سندھ حکومت

ابتدائی تفتیش میں واقعہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت قتل قرار، 8 رکنی کمیٹی تحقیقات کررہی ہے، سکھدیو ہمنانی

کراچی (ویب ڈیسک) ترجمان سندھ حکومت سکھدیو ہمنانی نے سرجانی ٹاؤن میں خاتون اور ان کے تین بچوں کے قتل پر افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق واقعہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کیا گیا قتل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کی براہ راست نگرانی شروع کردی ہے، جبکہ شفاف اور جامع تحقیقات کے لیے 8 رکنی اعلیٰ سطح کی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے۔ قتل کے محرکات جاننے کے لیے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

تاجروں نے ممکنہ اسمارٹ لاک ڈاؤن کی تجویز مسترد کردی

تاجروں اور عوام کو معاشی مشکلات سے نکالنے کی پالیسی اختیار کی جائے، رضوان عرفان

کراچی (ویب ڈیسک) تاجر برادری نے وفاقی حکومت کی جانب سے ملک میں ممکنہ اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کرنے کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروباری سرگرمیاں پہلے ہی شدید متاثر ہیں اور مزید پابندیاں عائد کرنے کے بجائے معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ کراچی الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر رضوان عرفان نے ممکنہ لاک ڈاؤن کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کسی بھی قسم کے لاک ڈاؤن کو تسلیم نہیں کرے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

دوبارہ ماں بننے کا تجربہ ایمان و بھروسے کیساتھ قبول کر رہی ہوں، اداکارہ ماہرہ خان

ٹورنٹو (ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان نے دوسری بار ماں بننے کے احساسات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے محسوس ہوتا ہے کہ یہ اللہ کی جانب سے بھیجی گئی نعمت ہے اور اسی کا منصوبہ ہے۔ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں ایک کانفرنس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ماہرہ خان نے 41 سال کی عمر میں دوبارہ ماں بننے کے سفر اور اپنے جذبات کے بارے میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

رکن سندھ اسمبلی کا کے الیکٹرک کیخلاف نیپرا کو خط

کراچی (ویب ڈیسک) رکن سندھ اسمبلی عامر صدیقی نے کے الیکٹرک کی جانب سے طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف چیئرمین نیپرا کو خط لکھ کر فوری کارروائی کا مطالبہ کردیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم کے نوٹس کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

آئی جی سندھ کا کاٹی میں کرائم مانیٹرنگ اینڈ ٹاسک فورس سیل کا افتتاح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں قائم کرائم مانیٹرنگ اینڈ ٹاسک فورس سیل کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر صدر کاٹی اکرم راجپوت، ڈپٹی پیٹرن ان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

سہیل آفریدی کو لاہور میں ڈرامہ کرنا تھا تو الحمرا ہال کھلوا دیتی، عظمی بخاری

سہیل آفریدی نے پولیس اہلکاروں کو گالیاں دیں اور بعد ازاں اپنی مرضی سے پولیس وین میں بیٹھے

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری سہیل آفریدی کو لاہور میں ڈرامہ کرنا تھا تو الحمرا ہال کھلوا دیتی۔ پروگرام نقطہ نظر میں گفتگو کرتے ہوئے عظمی بخاری نے سہیل آفریدی کے پولیس اہلکاروں سے مبینہ رویے، اغوا کے بیانیے اور وزیرآباد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

کراچی میں خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات، فوٹیجز سامنے آگئیں

کراچی (ویب ڈیسک) شہر کے مختلف علاقوں میں خواتین کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے کے دو واقعات کی سی سی ٹی وی فوٹیجز سامنے آگئی ہیں، جس پر شہریوں اور والدین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ پولیس کے مطابق ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

سعودی عرب سے پاکستان کا تجارتی خسارہ کم ہوگیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ تجارتی خسارہ رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں 18.37 فیصد کمی کے بعد 47 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہ گیا، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں تجارتی خسارہ 57 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

کپتان بابر اعظم نے آئی سی سی ٹیسٹ بیٹنگ رینکنگ میں بہتری حاصل کرلی

دبئی (ویب ڈیسک) پاکستان کے ٹیسٹ کپتان بابر اعظم اور مڈل آرڈر بیٹر سعود شکیل نے انگلینڈ کے خلاف 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں انفرادی کارکردگی کے بعد تازہ ترین آئی سی سی ٹیسٹ بیٹنگ رینکنگ میں بہتری حاصل کرلی۔ نجی ٹی وی چینل کے مطابق پاکستان کو انگلینڈ کے خلاف 3-0 سے وائٹ واش کا سامنا کرنا پڑا، تاہم آخری ٹیسٹ میں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

موبائل فون چوری کے علاوہ دیگر جرائم میں کمی ہوئی، امن وامان کنٹرول میں ہے، آئی جی سندھ

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے میر رضا قتل کیس پر اجلاس میں کراچی پولیس چیف آزاد خان نے بریفنگ دی

ہائیڈروکلورک ایسڈ کے کچھ نشانات میر رضا کی شرٹ پر تھے، ٹارچر کے نشان بھی چہرے پر تھے، کراچی پولیس چیف آزاد خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پولیس چیف آزاد خان نے میر رضا قتل کیس کے حوالے سے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کو بتایا ہے کہ کیس کے حوالے سے 75 افراد کے بیانات ریکارڈ کروائے گئے ہیں لیکن تا حال قتل کا سراغ نہیں لگایا جاسکا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اجلاس ثمینہ ممتاز زہری کی زیرصدارت ہوا، جس میں کراچی پولیس چیف آزاد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17